DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC REALTEIONS
BALOCHISTAN

نظامتِ اعلیٰ تعلقاتِ عامہ
حکومتِ بلوچستان

NO DGPR(PRESS CLIPPING)/ 1515

DATED. 25-12-2025.

**SUBJECT:- PRESS CLIPPINGS.**

*kindly find enclosed here with a set of press clipping of Local/National Newspapers for information and necessary action.*

*for* (Director General)

*The Press Secretary to*
*Chief Minister, Balochistan, Quetta.*

RAMZAY ROAD QUETTA

PHONE NO: 081-9202540-9201015-9201956, FAX NO.081-9201108
e-mail: dgprquettabalochistan@.com dgprquetta.advtaa@gmail.com

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 25.12.2025

| اخبارات | قومی ومقامی خبریں | نمبر شمار |
|---|---|---|
| جنگ ودیگر اخبارات | تیزی سے بدلتی دنیا میں ہمیں جدید خطوط پر آگے بڑھنا ہوگا، گورنر | 01 |
| جنگ ودیگر اخبارات | بلوچستان میں مثبت پیش رفت فیلڈ مارشل کے وژن کا نتیجہ ہے، وزیر اعلیٰ بگٹی | 02 |
| انتخاب ودیگر اخبارات | عوامی مسائل کا بروقت حل اولین ترجیح ہے، نور محمد دمڑ | 03 |
| مشرق ودیگر اخبارات | قائداعظم کے اصول آج بھی رہنمائی کا ذریعہ ہیں، سردار کھیتران | 04 |
| جنگ ودیگر اخبارات | محکمہ مواصلات وتعمیرات کی کارکردگی بہتر بنانے کی ضرورت ہے، سلیم کھوسہ | 05 |
| مشرق ودیگر اخبارات | قائداعظم کی تعلیمات ہمارے لئے مشعل راہ ہیں، میر شعیب نوشیروانی | 06 |
| جنگ ودیگر اخبارات | صوبے میں گڈ گورننس کو یقینی بنانے کیلئے سنجیدہ اقدامات جاری ہیں، چیف سیکرٹری | 07 |
| جنگ ودیگر اخبارات | قائداعظم ریزیڈنسی کی سیکورٹی کیلئے خصوصی اقدامات کیے ہیں، آئی جی پولیس | 08 |
| جنگ ودیگر اخبارات | کوئٹہ شہر کیلئے جامع ماسٹر پلان جلد از جلد مرتب کیا جائے، کمشنر کوئٹہ | 09 |
| جنگ ودیگر اخبارات | بلوچستان کی جامعات کیلئے 85 کروڑ سے زائد کی گرانٹ جاری | 10 |
| جنگ ودیگر اخبارات | آئینی عدالت نے کوئٹہ بلدیاتی الیکشن پر حکم امتناع جاری کردیا | 11 |
| جنگ ودیگر اخبارات | 2025 بلوچستان اسمبلی نے 26 بل اور ایکٹ پاس کیے | 12 |
| جنگ ودیگر اخبارات | نئی مردم شماری کے مطابق منصفانہ حلقہ بندیاں کی جائیں، پشتونخوا نیپ | 13 |
| جنگ ودیگر اخبارات | حکومتی جماعتوں نے ناکامی سے بچنے کیلئے بلدیاتی الیکشن ملتوی کرائے، قوم پرست جماعتیں | 14 |
| جنگ ودیگر اخبارات | سربندن اور اورماڑہ سیٹلمنٹ شفاف انداز میں مکمل کی جائے، ہدایت الرحمان | 15 |
| جنگ ودیگر اخبارات | حکومت نے جمہوری عمل سے راہ فرار اختیار کی، نیشنل پارٹی | 16 |
| جنگ ودیگر اخبارات | کیچ اسپورٹس اینڈ کلچرل فیسٹیول مثبت سرگرمیوں کو فروغ ملے گا، ڈاکٹر عبدالمالک | 17 |

## امن وامان:

جیوانی گزشتہ دو ماہ میں 123 غیر قانونی تارکین وطن واپس، سٹی پولیس کی جرائم کارروائی چوری ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث گینگ کا سرغنہ ساتھیوں سمیت گرفتار، پرائس کنٹرول کمیٹی کی کارروائیاں 8 افراد گرفتار، پنجگور پولیس کی مختلف کارروائیوں میں منشیات برآمد،

## عوامی مسائل:

پاک افغان بارڈر کی بندش خام کپڑے کا کاروبار متاثر، تربت لاپتہ افراد کے لواحقین کا دھرنا جاری ضلعی انتظامیہ سے مذاکرات ناکام، سیٹلائٹ ٹاؤن اور گرد نواح میں گیس پریشر میں کمی کا سامنا، چاغی طویل وغیر اعلانیہ بجلی لوڈشیڈنگ، عوام اور تاجر پریشان، جان سے مارنے کی دھمکیاں مل رہی ہیں تحفظ دیا جائے ،نصیب اللہ

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 25.12.2025

**اداریہ :**

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**سرحد کی بندش مقامی افراد کی مشکلات میں اضافہ** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ بلوچستان میں سرحدوں پر بڑے پیمانے پر تجارت ہوتی ہے جس سے لاتعداد لوگوں کا روزگار وابستہ ہے جو اس کاروبار سے اپنے اہل خانہ کی ضروریات پوری کرتے ہیں چونکہ بلوچستان میں پرائیویٹ سیکٹر میں فیکٹریاں اور بڑے کارخانے اور صنعتیں نہیں ہیں اس لئے عوام کا زیادہ انحصار سرحدوں پر ہونے والے کاروبار پر ہوتا ہے جہاں تک سرکاری نوکریوں کا تعلق ہے تو وہ بہت کم ہوتی ہیں جس کے مقابلے میں بیروزگاروں کی تعداد کئی گنا زیادہ ہوتی ہے اس طرح نوجوان یہ نوکریاں حاصل نہیں کر پاتے جو کہ تشویشناک بات ہے گزشتہ روز گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے پشتون قومی اور قبائلی جرگے کے مرکزی کنوینئر خان امان اللہ خان اور وزیر اعظم کوارڈی نیٹر برائے یوتھ افیئر بلوچستان حیدر خان اچکزئی کی قیادت میں وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ معاشی نظام کی ترقی اور قومی پیداوار میں اضافہ کا انحصار تجارت اور زراعت کے شعبوں کو مضبوط بنانے سے ہی مشروط ہے سرحدی علاقوں کی تاجر برادری اور وہاں بسنے والے غریب عوام کو تاجر برادری اور عوام کو درپیش مسائل ومشکلات کا ہمیں خون احساس ہے سرحد کی بندش سے مقامی افراد کی مشکلات میں اضافہ ہوا ہے تاہم موجودہ حکومت تاجروں کے تمام مسائل کا پائیدار حل ڈھونڈنے اور تجارتی وکاروباری سرگرمیوں کے استحکام کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے۔

**اداریے :**

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Mitigating challenges" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "Welxome Push for Quetta's Progress" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین :**

روزنامہ مشرق اور ناخبر کوئٹہ نے "**گورنر کا آئینی منصب اور شیخ جعفر خان مندوخیل کاقابل ستائش کردار**" کے عنوان سے نثار احمد کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner



گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل، صوبائی وزیر راحیلہ درانی، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ بیوٹمز یونیورسٹی کے 21ویں کانووکیشن سے خطاب کر رہے ہیں

# تیزی سے بدلتی دنیا میں ہمیں جدید خطوط پر آگے بڑھنا ہوگا، گورنر

## بیوٹمز عالمی رینکنگ میں بلوچستان کی واحد یونیورسٹی، فارغ التحصیل گریجویٹس علم اور ترقی کیلئے مشعل راہ ہیں، خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر/ خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ کانووکیشن کی تقریبات محض رسمی اجتماعات نہیں ہیں بلکہ وہ اہم سنگ میلوں کی نمائندگی کرتے ہیں جو فکری ترقی، ذاتی کامیابی اور معاشرے کی خدمت کرنے کی تیاری کی نشاندہی کرتے ہیں۔ بیوٹمز یونیورسٹی سے فارغ التحصیل ہونے والے گریجویٹس پاکستان اور بلوچستان کی امنگوں کو مجسم کرتے ہوئے علم اور ترقی کے لئے مشعل راہ ہیں۔ پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ اور ان کی پوری ٹیم کی دور اندیش قیادت میں، تعلیمی طاقت اور جدت کی علامت کے طور پر مسلسل ابھرا ہے۔ مجھے یہ جان کر خوشی ہوئی ہے کہ ٹائمز ہائر ایجوکیشن ورلڈ یونیورسٹی رینکنگ 2026 میں بیوٹمز یونیورسٹی عالمی بینڈ 1500 میں رکھا گیا ہے، یہ بلوچستان کی واحد یونیورسٹی ہے جسے عالمی سطح پر رینک کیا گیا ہے۔ یہ کامیابی یونیورسٹی کی معیاری تعلیم، تحقیق اور ادارہ جاتی ترقی کیلئے مستقل عزم کی عکاسی کرتی ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے بیوٹمز یونیورسٹی کے 21ویں کانووکیشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، وائس چانسلر بیوٹمز یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ، آل بلوچستان پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کے وائس چانسلرز، ڈین، فیکلٹیز، مہمانان گرامی، والدین اور فارغ التحصیل ہونے والے گریجویٹس شریک تھے، شرکاء سے خطاب میں گورنر بلوچستان نے کہا کہ یہ ایک اہم موقع ہے جس میں ایجوکیشن ایکسیلنس، استقامت اور مستقبل کی امید ہے۔ میں یونائیٹڈ نیشنز اکیڈمک امپیکٹ SDG Hub 8 (UNAI) وائس چیئر فار ٹیچنگ اینڈ ایجوکیشن کے طور پر اس کے اہم کردار کے لیے بھی بیوٹمز یونیورسٹی کی تعریف کرتا ہوں، جو کہ تدریس اور تعلیمی قیادت کے ذریعے عالمی تعلیمی گفتگو اور پائیدار ترقی میں اس کے فعال شراکت کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مصنوعی ذہانت، موسمیاتی تبدیلی اور سمارٹ سٹرکچرز اور رسک میں سینٹرز آف ایکسیلنس تیار کرنے کی کوششوں میں یونیورسٹی کا مستقبل کا نظریہ مزید واضح ہے۔ دیانتداری کے ساتھ اپنی برادریوں کی خدمت کریں، اختراع کو اپنائیں، اور عمر بھر سیکھنے کیلئے پرعزم رہیں۔ جیسے ہی آپ اپنی زندگی میں اس نئے باب کا آغاز کرتے ہیں، میں آپ سے متجسس رہنے، سیکھتے رہنے اور موافقت پذیر رہنے کی گزارش کرتا ہوں۔ دنیا تیزی سے بدل رہی ہے، اور نئی خطوط سے آگے رہنا ضروری ہے۔ آپ اپنے جذبوں کا تعاقب کریں، حسابی خطرات مول لیں اور جو کچھ بھی آپ کرتے ہیں اس میں بہترین کارکردگی کیلئے کوشش کریں۔ قبل ازیں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے فارغ التحصیل ہونے والے اسکالرز گولڈ میڈلز پہنائے گئے اور گریجویٹس میں اسناد تقسیم کیں واضح رہے کہ 21ویں کانووکیشن میں 10 پی ایچ ڈی، 685 بی ایس اور 41 ایم ایس اور ایم بی اے گریجویٹس پر مشتمل گریجویٹ طلباء کو گولڈ میڈل اور ڈگریاں دی گئیں۔



# بیوٹمز جدت کی علامت کے طور پر مسلسل ابھر رہی ہے، گورنر بلوچستان

## عالمی رینکنگ میں جامعہ کا شامل ہونا خوش آئند ہے، معیاری تعلیم ہی ادارہ جاتی ترقی کیلئے مستقل عزم کی عکاس ہے

## ژوب و مسلم باغ کیمپسز میں تعلیمی مواقعوں کی توسیع جامعہ کے عزم کو اجاگر کرتی ہے، 21ویں کانووکیشن سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ کانووکیشن کی تقریبات محض رسمی اجتماعات نہیں ہیں بلکہ وہ اہم سنگ میل کی نمائندگی کرتے ہیں جو فکری ترقی، ذاتی کامیابی اور معاشرے کی خدمت کرنے کی تیاری کی نشاندہی کرتے ہیں۔ آج بیوٹمز یونیورسٹی سے فارغ التحصیل ہونے والے گریجویٹس پاکستان اور بلوچستان کی امنگوں کی ترجمانی کریںگے۔ بیوٹمز پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ اور ان کی پوری ٹیم کی دور اندیش قیادت میں تعلیمی طاقت اور جدت کی علامت کے طور پر مسلسل ابھر رہی ہے۔ مجھے یہ جان کر خوشی ہوئی ہے کہ ٹائمز ہائر ایجوکیشن......... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

ورلڈ یونیورسٹی رینکنگ 2026 میں بیوٹمز یونیورسٹی عالمی بینڈ 1500 میں رکھا گیا ہے یہ بلوچستان کی واحد یونیورسٹی ہے جسے عالمی سطح پر رینکنگ میں رکھا گیا ہے۔ یہ کامیابی یونیورسٹی کی معیاری تعلیم، تحقیق اور ادارہ جاتی ترقی کیلئے مستقل عزم کی عکاسی کرتی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بیوٹمز یونیورسٹی کے 21ویں کانووکیشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، وائس چانسلر بیوٹمز یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ، آل بلوچستان پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کے وائس چانسلرز، ڈین فیکلٹیز، مہمانان گرامی، والدین اور فارغ التحصیل ہونے والے گریجویٹس شریک تھے. واضح رہے کہ 21ویں کانووکیشن میں 10 پی ایچ ڈی، 685 بی ایس اور 41 ایم ایس اور ایم بی اے گریجویٹس پر مشتمل گریجویٹ طلباء کو گولڈ میڈل اور ڈگریاں دی گئیں۔ شرکاء سے خطاب میں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ مجھے بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز کے 21ویں کانووکیشن میں بلوچستان کے گورنر کی حیثیت سے شرکت کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے، یہ ایک اہم موقع ہے جس میں ایجوکیشن ایکسی لینس، استقامت اور مستقبل کی امید ہے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ مصنوعی ذہانت، موسمیاتی تبدیلی اور سمارٹ سٹرکچرز اور رسک میں سینٹرز آف ایکسی لینس کی کوششوں میں یونیورسٹی کا مستقبل کا نظریہ مزید واضح ہے۔ ڈیزاسٹر مینجمنٹ، جسکا مقصد عالمی حل کے ساتھ مقامی چیلنجوں سے نمٹنا ہے۔ ژوب اور مسلم باغ کے ذیلی کیمپسز میں تعلیمی مواقع کی توسیع بیوٹمز کے جامع ترقی اور علاقائی بااختیار بنانے کے عزم کو مزید اجاگر کرتی ہے۔ قبل ازیں گورنر بلوچستان نے فارغ التحصیل ہونے والے اسکالرز کو گولڈ میڈلز پہنائے گئے اور گریجویٹس میں اسناد تقسیم کیں۔

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 54 جمعرات 4 رجب المرجب 1447ھ 25 دسمبر 2025ء نمبر 353

امن استحکام اور ترقی مشترکہ قومی ترجیح

# بلوچستان میں مثبت پیشرفت فیلڈ مارشل کے وژن کا نتیجہ ہے، وزیراعلیٰ

## عوام کی شمولیت کے بغیر پائیدار ترقی ممکن نہیں، حکومت تمام ریاستی اداروں کے تعاون سے بلوچستان کو امن و خوشحالی کی جانب گامزن رکھے گی، بیان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ وہ پاکستان آرمی کی قیادت کے شکر گزار ہیں جنہوں نے بلوچستان میں جاری مثبت پیش رفت اور بہتری کے عمل کو سراہا اور اس کی توثیق کی سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ عوامی فلاح کو مرکز بنا کر کی جانے والی ترقی، مقامی سطح پر بااختیاری کے اقدامات اور طرز حکمرانی سے مربوط سکیورٹی پالیسیوں کی حوصلہ افزائی اس اعتماد کو مزید مضبوط کرتی ہے کہ بلوچستان میں امن، استحکام اور ترقی ایک مشترکہ قومی ترجیح ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت اور قومی سلامتی کے ادارے باہمی ہم آہنگی کے ساتھ بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام، موثر طرز حکمرانی اور عوامی مسائل کے دیرپا حل کے لیے سنجیدگی سے کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ ترقی اور امن لازم و ملزوم ہیں اور عوام کی شمولیت کے بغیر پائیدار ترقی ممکن نہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں حالیہ مثبت پیش رفت فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، چیف آف ڈیفنس اسٹاف، کی غیر متزلزل سرپرستی، دور اندیش قیادت اور اسٹریٹجک وژن کا نتیجہ ہے انہوں نے بلوچستان میں تعینات پاک فوج کی مخلص، متحرک اور پیشہ ورانہ ٹیم کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قربانیاں اور انتھک کاوشیں صوبے میں امن و امان کے قیام اور دہشت گردی کے خاتمے میں کلیدی حیثیت رکھتی ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبائی حکومت عوامی خدمت، مقامی بااختیاری اور شفاف طرز حکمرانی کو اپنی پالیسیوں کا محور بناتے ہوئے تمام ریاستی اداروں کے تعاون سے بلوچستان کو امن، ترقی اور خوشحالی کی جانب گامزن رکھے گی انہوں نے کہا کہ قومی یکجہتی، ادارہ جاتی ہم آہنگی اور مشترکہ وژن ہی بلوچستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہیں۔

# قائدِ اعظم کی دیانت، اصول پسندی قوم کیلئے مشعلِ راہ ہے، وزیراعلیٰ بگٹی

## آئین مذہبی آزادی، مساوی حقوق اور باہمی احترام کی ضمانت دیتا ہے، پیغامات

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح کے یوم پیدائش کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ قائد اعظم کی دیانت، اصول پسندی، قانون کی [illegible] اور جمہوری اقدار آج بھی قوم کے لیے مشعل راہ [illegible] پاکستان کا قیام قائد اعظم کی انتھک جدوجہد، بصیرت اور قیادت کا نتیجہ ہے، جسے ہمیشہ یاد رکھا جائے گا وزیراعلیٰ نے کہا کہ قائد اعظم محمد علی جناح نے ایک ایسی فلاحی، جمہوری اور آئینی ریاست کا تصور پیش کیا تھا جہاں قانون کی حکمرانی، اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ اور سماجی انصاف کو یقینی بنایا جائے بلوچستان حکومت قائد اعظم کے افکار کی روشنی میں صوبے کی ترقی، امن و امان کے قیام اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ نوجوان نسل کو قائد اعظم کی زندگی، جدوجہد اور کردار سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے ملک و قوم کی خدمت کو اپنا نصب العین بنانا چاہیے۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کرسمس کے موقع پر صوبے بھر میں مقیم مسیحی برادری کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تعلیمات محبت، امن، برداشت اور انسانیت کی خدمت کا درس دیتی ہیں، جو آج کے دور میں پہلے سے کہیں زیادہ اہمیت رکھتی ہیں وزیراعلیٰ نے اپنے پیغام میں کہا کہ پاکستان کا آئین تمام شہریوں کو مذہبی آزادی، مساوی حقوق اور باہمی احترام کی ضمانت دیتا ہے۔ صوبائی حکومت بلوچستان میں بسنے والی تمام اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ اور انہیں قومی دھارے میں آگے بڑھنے کے مساوی مواقع فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

# وڈیرہ محمد شریف کے انتقال پر مختلف شخصیات کی وزیراعلیٰ سے تعزیت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کے چچا زاد، چیف وڈیرہ محمد شریف مرحوم کی فاتحہ خوانی کا سلسلہ دوسرے روز بھی جاری رہا فاتحہ خوانی میں اعلیٰ عدالتی، پارلیمانی، سیاسی، قبائلی، سماجی اور صحافتی شخصیات سمیت مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی اس موقع پر چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس محمد کامران خان ملاخیل، اسپیکر صوبائی اسمبلی عبدالخالق اچکزئی، افغان قونصل جنرل عبدالسلام ناصر، عبدالقدوس بزنجو، عبدالولی کاکڑ، عبدالقادر بلوچ صوبائی وزراء شعیب نوشیروانی، بخت محمد کاکڑ، نور محمد دمڑ، سردار کوہیار ڈومکی، نوابزادہ طارق مگسی، سلیم کھوسہ، صوبائی مشیر مینا مجید، نسیم الرحمٰن ملاخیل، پارلیمانی سیکرٹریز عبدالمجید بادینی، سردار مسعود لونی، محمد خان لہڑی، ولی محمد نورزئی، عبدالصمد گورگیج، زرک مندوخیل، علی مدد جتک، نعیم بازئی، رحمت صالح، خیر جان، انجینئر زمرک اچکزئی، نوابزادہ جمال رئیسانی، عادل بازئی، اختر بی بی، کرن بلوچ، منظور کاکڑ سینیٹر عبدالقادر، مختلف محکموں کے سیکرٹریز، افسران صحافیوں سمیت زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے فاتحہ خوانی کی۔



چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ جسٹس محمد کامران خان ملاخیل وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے کزن چیف وڈیرہ محمد شریف بگٹی کے انتقال پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 3


Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | جمعرات 04 رجب 1447ھ 25 دسمبر 2025، صفحات 08 | شمارہ 171

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | قیمت 35 روپے


## پاک فوج کی قیادت کے شکر گزار ہیں جس نے بلوچستان میں جاری مثبت پیشرفت اور بہتری کے عمل کو سراہا اور اس کی توثیق کی: میر سرفراز بگٹی

# دہشتگردوں، سہولت کاروں اور معاونین کیلئے کوئی معافی نہیں: کور کمانڈرز کانفرنس

**قومی یکجہتی، سلامتی، استحکام کو نقصان پہنچانے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائیگی، چاہے ایسے عناصر سیاسی ہوں یا کوئی بھی، فورم کا واضح پیغام**

راولپنڈی (زاہد احمد خان) پاک فوج کی کور کمانڈرز کانفرنس نے واضح کیا ہے کہ قومی یکجہتی، سلامتی، استحکام کو نقصان........

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ وہ پاکستان آرمی کی قیادت کے شکر گزار ہیں جنہوں نے........

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر



وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے چیف جسٹس بلوچستان کامران خان ملاخیل تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

پہنچانے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی، چاہے ایسے عناصر سیاسی ہوں یا کوئی بھی، بھارتی سرپرستی والے تمام دہشتگردوں، سہولت کاروں سے فیصلہ کن اور بغیر کسی رعایت کے نمٹا جائے گا جبکہ فیلڈ مارشل، چیف آف ڈیفنس فورسز سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ حکومت اور پاک فوج کی مشترکہ کوششوں سے ملک بتدریج استحکام کی جانب گامزن ہے، پاکستانی عوام کی ثابت قدم حمایت کے باعث ملک یقینی طور پر عزت و وقار کی طرف بڑھ رہا ہے، مسلح افواج اور پاکستانی عوام کے درمیان تفرقہ پیدا کرنے کی کسی کو ہرگز اجازت نہیں۔ بدھ کو پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی زیر صدارت 273 ویں کور کمانڈرز کانفرنس منعقد ہوئی جس میں فورم نے دہشتگردی کے حالیہ واقعات میں شہید ہونے والوں کے لیے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔ فورم نے حالیہ دہشتگردی کے واقعات میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والوں کو خراج عقیدت پیش آیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فورم نے غیر ملکی ایما پر دہشتگردی کے فروغ کے خلاف مادر وطن کا دفاع کرنے والوں کو خراج عقیدت پیش آیا۔ آئی ایس پی آر نے کہا کہ چیف آف ڈیفنس فورسز سید عاصم منیر نے پاکستان کی مسلح افواج کی غیر متزلزل جرات، پیشہ ورانہ مہارت اور قربانیوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کانفرنس کے شرکا نے اعادہ کیا کہ بھارتی سرپرستی والے تمام دہشتگردوں، سہولت کاروں، دہشت گردوں کے معاونین کے ساتھ بھی فیصلہ کن اور بغیر کسی رعایت کے نمٹا جائے گا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف نے ملک بھر میں انٹیلی جنس پر مبنی انسداد دہشتگردی کارروائیوں میں افواج پاکستان کی کاوشوں کو سراہا۔ فورم نے دہشت گردی، جرائم اور سیاسی مفادات کے درمیان گٹھ جوڑ کو یکسر مسترد کرتے ہوئے کہا کہ قومی یکجہتی، سلامتی اور استحکام کو

نقصان پہنچانے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی، چاہے ایسے عناصر سیاسی ہوں یا کوئی بھی۔ فیلڈ مارشل نے کہا کہ حکومت اور پاک فوج کی مشترکہ کوششوں سے ملک بتدریج استحکام کی جانب گامزن ہے، پاکستانی عوام کی ثابت قدم حمایت کے باعث ملک یقینی طور پر عزت و وقار کی طرف بڑھ رہا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فورم نے اندرونی و بیرونی سلامتی کی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے ملک کو درپیش خطرات اور آپریشنل تیاریوں پر زور دیا۔ فورم نے کہا کہ مسلح افواج اور پاکستانی عوام کے درمیان تفرقہ پیدا کرنے کی کسی کو ہرگز اجازت نہیں۔ فورم نے بلوچستان حکومت کے خصوصی ترقیاتی اقدامات کو سراہا اور کہا کہ یہ اقدامات سماجی روابط کے ذریعے گورننس سے جڑے دہشت گردی کے عوامل کا خاتمہ کرتے ہیں۔ شرکا نے پائیدار امن، استحکام یقینی بنانے کے لیے دیگر علاقوں میں بھی ایسے اقدامات کی ضرورت پر زور دیا اور کشمیری عوام کے حق خودارادیت اور ان کی جائز جدوجہد کے لیے پاکستان کی ثابت قدمی کا اعادہ کیا۔ شرکا کانفرنس نے مسئلہ فلسطین پر پاکستان کے اصولی مؤقف کی بھی توثیق کی۔ فورم کے شرکا نے غزہ میں فوری اور مستقل جنگ بندی اور غزہ تک بلا روک ٹوک انسانی رسائی اور فلسطینی ریاست کے لیے ایک قابل اعتماد راستے کا مطالبہ کیا۔ کانفرنس کے اختتام پر آرمی چیف نے کمانڈرز کو آپریشنل تیاری، نظم و ضبط، تربیت، نئی جدتیں، میدان جنگ میں پیشہ ورانہ مہارت کا اعلیٰ ترین معیار برقرار رکھنے کی ہدایت کی۔

عاصم منیر، چیف آف ڈیفنس اسٹاف، کی غیر متزلزل سرپرستی، دور اندیش قیادت اور اسٹریٹجک وژن کا نتیجہ ہے انہوں نے بلوچستان میں تعینات پاک فوج کی مخلص، متحرک اور پیشہ ور ٹیم کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قربانیاں اور انتھک کاوشیں صوبے میں امن و امان کے قیام اور دہشت گردی کے خاتمے میں کلیدی حیثیت رکھتی ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبائی حکومت عوامی خدمت، مقامی بااختیاری اور شفاف طرز حکمرانی کو اپنی پالیسیوں کا محور بناتے ہوئے تمام ریاستی اداروں کے تعاون سے بلوچستان کو امن، ترقی اور خوشحالی کی جانب گامزن رکھے گی انہوں نے کہا کہ قومی یکجہتی، ادارہ جاتی ہم آہنگی اور مشترکہ وژن ہی بلوچستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہیں۔

بلوچستان میں جاری مثبت پیش رفت اور بہتری کے عمل کو سراہا اور اس کی توثیق کی سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ عوامی فلاح کو مرکز بنا کر کی جانے والی ترقی، مقامی سطح پر بااختیاری کے اقدامات اور طرز حکمرانی سے مربوط سیکورٹی پالیسیوں کی حوصلہ افزائی اس اعتماد کو مزید مضبوط کرتی ہے کہ بلوچستان میں امن، استحکام اور ترقی ایک مشترکہ قومی ترجیح ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت اور قومی سلامتی کے ادارے باہمی ہم آہنگی کے ساتھ بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام، مؤثر طرز حکمرانی اور عوامی مسائل کے دیرپا حل کے لیے سنجیدگی سے کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ ترقی اور امن لازم و ملزوم ہیں اور عوام کی شمولیت کے بغیر پائیدار ترقی ممکن نہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں حالیہ مثبت پیش رفت فیلڈ مارشل سید



رکن صوبائی اسمبلی حاجی علی مدد جتک وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے کزن کے انتقال پر ان سے تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلٰ
حکومت

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub

روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

Bullet No. 1

Page No. 4

25 DEC 2025

## قائداعظم کی اصول پسندی قوم کیلئے مشعل راہ ہے، سرفراز بگٹی

### نوجوان نسل کو بانی پاکستان کی جدوجہد و کردار کو نصب العین بنانا چاہیے

### حضرت عیسیٰؑ کی تعلیمات محبت و امن کا درس دیتی ہیں، الگ الگ پیغامات

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بانی پاکستان قائدِ اعظم محمد علی جناح کے یوم پیدائش کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ قائدِ اعظم کی دیانت......... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

، اصول پسندی، قانون کی بالادستی اور جمہوری اقدار آج بھی قوم کے لیے مشعل راہ ہیں پاکستان کا قیام قائدِ اعظم کی انتھک جدوجہد، بصیرت اور قیادت کا نتیجہ ہے، جسے ہمیشہ یاد رکھا جائے گا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ قائدِ اعظم محمد علی جناح نے ایک ایسی فلاحی، جمہوری اور آئینی ریاست کا تصور پیش کیا تھا جہاں قانون کی حکمرانی، اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ اور سماجی انصاف کو یقینی بنایا جائے بلوچستان حکومت قائدِ اعظم کے افکار کی روشنی میں صوبے کی ترقی، امن و امان کے قیام اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ نوجوان نسل کو قائدِ اعظم کی زندگی، جدوجہد اور کردار سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے ملک و قوم کی خدمت کو اپنا نصب العین بنانا چاہیے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان میں گڈ گورننس، شفافیت اور عوامی خدمت کے وژن کو قائدِ اعظم کے سنہری اصولوں کے مطابق آگے بڑھایا جائے گا۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کرسمس کے موقع پر صوبے بھر میں مقیم مسیحی برادری کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تعلیمات محبت، امن، برداشت اور انسانیت کی خدمت کا درس دیتی ہیں، جو آج کے دور میں پہلے سے کہیں زیادہ اہمیت رکھتی ہیں وزیر اعلیٰ نے اپنے پیغام میں کہا کہ پاکستان کا آئین تمام شہریوں کو مذہبی آزادی، مساوی حقوق اور باہمی احترام کی ضمانت دیتا ہے۔ صوبائی حکومت بلوچستان میں بسنے والی تمام اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ اور انہیں قومی دھارے میں آگے بڑھنے کے مساوی مواقع فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ مسیحی برادری نے قیام پاکستان سے لے کر آج تک تعلیم، صحت، سماجی خدمات اور قومی ترقی میں نمایاں کردار ادا کیا ہے، جسے قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بین المذاہب ہم آہنگی، رواداری اور بھائی چارے کا فروغ ایک مضبوط اور پرامن معاشرے کی بنیاد ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اس موقع پر دعا کی کہ کرسمس کا تہوار خوشیاں، امن اور خوشحالی لے کر آئے۔



وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے چچازاد وڈیرہ محمد شریف بگٹی کے انتقال پر صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی، بیوروکریسی اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Page No. 5

1



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے چچازاد چیف وڈیرہ محمد شریف بگٹی کے انتقال پر صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی، سیکرٹریز اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

روزنامہ ایکسپریس سینچری کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 24 شمارہ 13 | جمعرات، 4 رجب المرجب، 25 دسمبر 2025ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے

# وزیراعلیٰ سے دوسرے روز بھی تعزیت کا سلسلہ جاری رہا

## اعلیٰ عدالتی پارلیمانی سیاسی قبائلی و صحافتی شخصیات سمیت سینکڑوں افراد نے تعزیت کی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے چچازاد، چیف وڈیرہ محمد شریف مرحوم کی فاتحہ خوانی کا سلسلہ دوسرے روز بھی جاری رہا فاتحہ خوانی میں اعلیٰ عدالتی، پارلیمانی، سیاسی، قبائلی، سماجی اور صحافتی شخصیات سمیت مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی اس موقع پر چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس محمد کامران خان ملاخیل، اسپیکر صوبائی اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی، افغان قونصل جنرل عبدالسلام ناصر، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو، سابق گورنرز بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ اور عبدالقادر بلوچ صوبائی وزراء میر شعیب احمد نوشیروانی، بخت محمد کاکڑ، نور محمد دمڑ، سردار کوہیار خان ڈومکی، نوابزادہ طارق حسین مگسی اور میر سلیم احمد کھوسہ، صوبائی مشیر مینا مجید، حسیم الرحمن ملاخیل، پارلیمانی سیکرٹریز (باقی صفحہ 5 نمبر 31)

عبدالمجید بادینی، سردار مسعود خان لونی، حاجی محمد خان لہڑی، حاجی ولی محمد نورزئی عبدالصمد خان گورگیج، اراکین صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل، حاجی علی مدد جتک، ملک نعیم خان بازئی، مولوی نور اللہ، رحمت صالح بلوچ، خیر جان بلوچ، انجینئر زمرک خان اچکزئی اراکین قومی اسمبلی نوابزادہ جمال خان رئیسانی، عادل خان بازئی، اختر بی بی منگول، سینیٹر منظور خان کاکڑ سینیٹر عبدالقادر خان پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر سینیٹر سردار عمر خان گورگیج، سابق ڈپٹی اسپیکر صوبائی اسمبلی بلوچستان سردار بابر خان موسیٰ خیل، سابق صوبائی وزراء ڈاکٹر حامد خان، اچکزئی، عبدالرحیم زیارتوال، مجید خان اچکزئی، میر فائق جمالی، میر یونس ملازئی، روشن خورشید بروچہ، سابق سینیٹر سعید الحسن، سابق قائد حزب اختلاف صوبائی اسمبلی بلوچستان ملک سکندر خان ایڈووکیٹ، میر خالد سلطان، نیشنل پارٹی کے سابق سینیٹر میر کبیر محمد شہی، مرکزی رہنماء رہنماء ڈاکٹر محمد اسحاق بلوچ، محمد اسلم بلوچ، ایڈووکیٹ راحب خان بلیدی، چیئرمین ٹاؤن کمیٹی سوئی عزت اللہ بگٹی، جمہوری وطن کے نمائندگان، وکلاء، ڈاکٹر جمال مری، مزدور رہنماء خان اچکزئی، پیپلز پارٹی کے رہنماء آغا شکیل احمد درانی، سید اقبال شاہ، سید داؤد آغا، حیات خان اچکزئی، سکینہ عبداللہ خان، کرن بلوچ، کمشنر انفارمیشن کمیشن شائستہ خان، مختلف محکموں کے سیکرٹریز، افسران صحافیوں سمیت زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے فاتحہ خوانی میں شرکت کی اور اظہار تعزیت کیا فاتحہ خوانی کے اختتام پر مرحوم وڈیرہ محمد شریف بگٹی کے لیے مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی گئی۔

# قائداعظم نے فلاحی و جمہوری ریاست کا تصور پیش کیا، وزیر اعلیٰ

مسیحی برادری کو کرسمس کی مبارکباد

بلوچستان حکومت قائداعظم کے افکار کی روشنی میں صوبے کی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کیلئے اقدامات کر رہی ہے

حضرت عیسیٰ کی تعلیمات محبت امن برداشت اور انسانیت کی خدمت کا درس دیتی ہیں، ترقی میں مسیحیوں کا اہم کردار ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح کے یوم پیدائش کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ قائد اعظم کی دیانت، اصول پسندی (باقی صفحہ 5 نمبر 8)

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کرسمس کے موقع پر (باقی صفحہ 5 نمبر 9)

، قانون کی بالادستی اور جمہوری اقدار آج بھی قوم کے لیے مشعل راہ ہیں پاکستان کا قیام قائد اعظم کی انتھک جدوجہد، بصیرت اور قیادت کا نتیجہ ہے، جسے ہمیشہ یاد رکھا جائے گا وزیراعلیٰ نے کہا کہ قائد اعظم محمد علی جناح نے ایک ایسی فلاحی، جمہوری اور آئینی ریاست کا تصور پیش کیا تھا جہاں قانون کی حکمرانی، اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ اور سماجی انصاف کو یقینی بنایا جائے بلوچستان حکومت قائد اعظم کے افکار کی روشنی میں صوبے کی ترقی، امن و امان کے قیام اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ نوجوان نسل کو قائد اعظم کی زندگی، جدوجہد اور کردار سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے ملک و قوم کی خدمت کو اپنا نصب العین بنانا چاہیے۔

صوبے بھر میں مقیم مسیحی برادری کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تعلیمات محبت، امن، برداشت اور انسانیت کی خدمت کا درس دیتی ہیں، جو آج کے دور میں پہلے سے کہیں زیادہ اہمیت رکھتی ہیں وزیراعلیٰ نے اپنے پیغام میں کہا کہ پاکستان کا آئین تمام شہریوں کو مذہبی آزادی، مساوی حقوق اور باہمی احترام کی ضمانت دیتا ہے صوبائی حکومت بلوچستان میں بسنے والی تمام اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ اور انہیں قومی دھارے میں آگے بڑھنے کے مساوی مواقع فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ مسیحی برادری نے قیام پاکستان سے لے کر آج تک تعلیم، صحت، سماجی خدمات اور قومی ترقی میں نمایاں کردار ادا کیا ہے، جسے قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔

## پاک آرمی کی قیادت کے شکرگزار ہیں، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ وہ پاکستان آرمی کی قیادت کے شکرگزار ہیں جنہوں نے (باقی صفحہ 5 نمبر 22)

بلوچستان میں جاری مثبت پیش رفت اور بہتری کے عمل کو سراہا اور اس کی توثیق کی سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ عوامی فلاح کو مرکز بنا کر کی جانے والی ترقی، مقامی سطح پر بااختیاری کے اقدامات اور طرز حکمرانی سے مربوط کیپل پالیسیوں کی حوصلہ افزائی اس اعتماد کو مزید مضبوط کرتی ہے کہ بلوچستان میں امن، استحکام اور ترقی ایک مشترکہ قومی ترجیح ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت اور قومی سلامتی کے اداروں باہمی ہم آہنگی کے ساتھ بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام، موثر طرز حکمرانی اور عوامی مسائل کے دیرپا حل کے لیے سنجیدگی سے کام کر رہے ہیں انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ ترقی اور امن لازم و ملزوم ہیں اور عوام کی شمولیت کے بغیر پائیدار ترقی ممکن نہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں حالیہ مثبت پیش رفت فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، چیف آف ڈیفنس اسٹاف کی غیر متزلزل سرپرستی، دوراندیش قیادت اور اسٹریٹجک وژن کا نتیجہ ہے انہوں نے بلوچستان میں تعینات پاک فوج کی کمانڈ، افسران اور جوانوں کی پیشہ ورانہ خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قربانیاں اور انتھک کاوشیں صوبے میں امن و امان کے قیام اور دہشت گردی کے خاتمے میں کلیدی حیثیت رکھتی ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبائی حکومت عوامی خدمت، مقامی بااختیاری اور شفاف طرز حکمرانی کو اپنی پالیسیوں کا محور بناتے ہوئے تمام ریاستی اداروں کے تعاون سے بلوچستان کو امن، ترقی اور خوشحالی کی جانب گامزن رکھے گی انہوں نے کہا کہ قومی یکجہتی، ادارہ جاتی ہم آہنگی اور مشترکہ وژن ہی بلوچستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہیں۔

CS CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)
روزنامہ انتخاب کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر ایل سی I-4
قیمت 30 روپے
صفحات 6
www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph.081-2822909
جلد نمبر 32 | جمعرات 25 دسمبر 2025ء بمطابق 04 رجب المرجب 1447ھ | شمارہ نمبر 353

## وزیراعلیٰ: قائداعظم کی اصول پسندی اور جمہوری اقدار قوم کیلئے مشعل راہ ہیں

کرسمس کی مبارکباد

### پاکستان کا قیام انکی انتھک جدوجہد، بصیرت اور قیادت کا نتیجہ، حکومت قائداعظم کے افکار کی روشنی میں صوبے کی ترقی کیلئے عملی اقدامات کررہی ہے

### آئین تمام شہریوں کو مذہبی آزادی اور مساوی حقوق کی ضمانت دیتا ہے، مسیحی برادری کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے یوم پیدائش کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ قائداعظم کی دیانت، اصول پسندی، قانون کی بالادستی اور جمہوری اقدار آج بھی قوم کے لئے مشعل راہ ہیں، پاکستان کا قیام قائداعظم کی انتھک جدوجہد، بصیرت اور قیادت کا نتیجہ ہے، جسے ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ قائداعظم محمد علی جناح نے ایک ایسی فلاحی، جمہوری اور آئینی ریاست کا تصور پیش

بقیہ نمبر 50 صفحہ 5 پر

کیا تھا جہاں قانون کی حکمرانی، اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ اور سماجی انصاف کو یقینی بنایا جائے۔ بلوچستان حکومت قائداعظم کے افکار کی روشنی میں صوبے کی ترقی، امن وامان کے قیام اور عوامی فلاح و بہبود کے لئے عملی اقدامات کررہی ہے۔ سرفراز بگٹی نے کہا کہ نوجوان نسل کو قائداعظم کی زندگی، جدوجہد اور کردار سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے ملک و قوم کی خدمت کو اپنا نصب العین بنانا چاہئے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان میں گڈ گورننس، شفافیت اور عوامی خدمت کے وژن کو قائداعظم کے سنہری اصولوں کے مطابق آگے بڑھایا جائے گا وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس موقع پر کہا کہ قائداعظم کا پاکستان ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے اور ہمیں ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر قومی مفاد کو ترجیح دینا ہوگی تاکہ ملک کو ترقی اور استحکام کی راہ پر گامزن کیا جاسکے۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی نے کرسمس کے موقع پر صوبے بھر میں مقیم مسیحی برادری کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تعلیمات محبت، امن، برداشت اور انسانیت کی خدمت کا درس دیتی ہیں، جو آج کے دور میں پہلے سے کہیں زیادہ اہمیت رکھتی ہیں۔ وزیراعلیٰ نے اپنے پیغام میں کہا کہ پاکستان کا آئین تمام شہریوں کو مذہبی آزادی، مساوی حقوق اور باہمی احترام کی ضمانت دیتا ہے۔ صوبائی حکومت بلوچستان میں بسنے والی تمام اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ اور انہیں قومی دھارے میں آگے بڑھنے کے مساوی مواقع فراہم کرنے کے لئے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسیحی برادری نے قیام پاکستان سے لے کر آج تک تعلیم، صحت، سماجی خدمات اور قومی ترقی میں نمایاں کردار ادا کیا، جسے قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بین المذاہب ہم آہنگی، رواداری اور بھائی چارے کا فروغ ایک مضبوط اور پرامن معاشرے کی بنیاد ہے۔



کوئٹہ: وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی سے صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی و دیگر تعزیت و فاتحہ خوانی کررہے ہیں

## وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے مختلف شخصیات نے تعزیت کی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے چچا زاد چیف وڈیرہ محمد شریف بگٹی کے انتقال پر دوسرے روز چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ جسٹس محمد کامران خان ملاخیل، اسپیکر صوبائی اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی، افغان قونصل

بقیہ نمبر 2 صفحہ 5 پر

جنرل عبدالسلام ناصر، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو، سابق گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ، میر عبدالقادر بلوچ، صوبائی وزراء میر شعیب احمد نوشیروانی، بخت محمد کاکڑ، نور محمد دمڑ، سردار کوہیار خان ڈومکی، نوابزادہ طارق حسین مگسی اور میر سلیم احمد کھوسہ، صوبائی مشیر مینا مجید، میر ظہور احمد/نعیم الرحمن ملاخیل، پارلیمانی سیکرٹری عبدالمجید بادینی، سردار مسعود خان لونی، حاجی محمد خان لہڑی، حاجی ولی محمد نورزئی، عبدالصمد خان گورگیج، اراکین صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل، حاجی علی مدد جتک، ملک نعیم خان بازئی، مولوی نوراللہ، رحمت صالح بلوچ، خیر جان بلوچ، انجینئر زمرک خان اچکزئی، اراکین قومی اسمبلی نوابزادہ جمال خان رئیسانی، عادل خان بازئی، اختر بی بی، منگوچر بینیٹرز منظور خان کاکڑ، بینیٹر عبدالقادر، خان پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر بینیٹر سردار عمر خان گورگیج، سابق ڈپٹی اسپیکر صوبائی اسمبلی بلوچستان سردار بابر خان موسیٰ خیل، سابق صوبائی وزراء ڈاکٹر حامد خان اچکزئی، عبدالرحیم زیارتوال، مجید خان اچکزئی، میر عاصم کرد گیلو، میر یونس ملازئی، روشن خورشید، سابق بینیٹر سعید الحسن، سابق قائد حزب اختلاف صوبائی اسمبلی بلوچستان ملک سکندر خان ایڈووکیٹ، میر خالد سلطان، نیشنل پارٹی کے سابق بینیٹر میر کبیر محمد شہی، مرکزی ڈاکٹر محمد اسحاق بلوچ، محمد اسلم بلوچ، ایڈووکیٹ راحب خان بلیدی، چیئرمین ٹاؤن کمیٹی سوئی عزت اللہ بگٹی، چیمبرز آف کامرس کے نمائندگان، ریکو، ڈاکٹر جمال مری، حرار رہنما، خان اچکزئی، پیپلز پارٹی کے رہنما آغا شکیل احمد درانی، سید اقبال شاہ، سید آغا، حیات خان اچکزئی، بیکرز عبداللہ خان، کرن بلوچ، کمشنر انڈسٹریز شاہ نواز خان، مختلف محکموں کے سیکرٹریز، افسران صحافیوں سمیت زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 7

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر۔24 | جمعرات 25 دسمبر 2025ء بمطابق 04 رجب المرجب 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر۔352


## حکومت قائداعظم کے افکار کی روشنی میں عملی اقدامات کر رہی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

### گڈ گورننس، شفافیت اور عوامی خدمت کے وژن کو آگے بڑھایا جائے گا

کوئٹہ، (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بانی پاکستان قائدِ اعظم محمد علی جناح کے یوم پیدائش کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ قائدِ اعظم کی دیانت، اصول پسندی، قانون کی بالادستی اور جمہوری اقدار آج بھی قوم کے لیے مشعل راہ ہیں پاکستان کا قیام قائدِ اعظم کی انتھک جدوجہد، بصیرت اور قیادت کا نتیجہ ہے، جسے ہمیشہ یاد رکھا جائے گا وزیر (بقیہ نمبر 41 صفحہ نمبر 7 پر)

اعلیٰ نے کہا کہ قائدِ اعظم محمد علی جناح نے ایک ایسی فلاحی، جمہوری اور آئینی ریاست کا تصور پیش کیا تھا جہاں قانون کی

حکمرانی، اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ اور سماجی انصاف کو یقینی بنایا جائے بلوچستان حکومت قائدِ اعظم کے افکار کی روشنی میں صوبے کی ترقی، امن و امان کے قیام اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ نوجوان نسل کو قائدِ اعظم کی زندگی، جدوجہد اور کردار سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے ملک و قوم کی خدمت کو اپنا نصب العین بنانا چاہیے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان میں گڈ گورننس، شفافیت اور عوامی خدمت کے وژن کو قائدِ اعظم کے سنہری اصولوں کے مطابق آگے بڑھایا جائے گا وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس موقع پر کہا کہ قائدِ اعظم کا پاکستان ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے اور ہمیں ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر قومی مفاد کو ترجیح دینا ہوگی۔ تاکہ ملک کو ترقی اور استحکام کی راہ پر گامزن کیا جا سکے۔



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے ان کے چچازاد چیف وڈیرہ محمد شریف بگٹی کے انتقال پر مختلف شخصیات فاتحہ خوانی کر رہی ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 8



THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان


جلد 29 جمعرات 25 دسمبر 2025ء بمطابق 04 رجب 1447ھ قیمت 20 روپے شمارہ 352


## ریاستی اداروں کے تعاون سے بلوچستان کو امن و خوشحالی کی جانب گامزن رکھیں گے، وزیراعلیٰ

بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام، موثر طرز حکمرانی اور عوامی مسائل کے دیرپا حل کے لیے سنجیدگی سے کام کر رہے ہیں عوام کی شمولیت کے بغیر پائیدار ترقی ممکن نہیں

قومی یکجہتی، ادارہ جاتی ہم آہنگی اور مشترکہ وژن ہی بلوچستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہیں، میر سرفراز بگٹی کا سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر پیغام

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ وہ پاکستان آرمی کی قیادت کے شکرگزار ہیں جنہوں نے بلوچستان میں جاری مثبت پیش رفت اور بہتری کے عمل کو سراہا اور اس کی توثیق کی۔ سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ عوامی فلاح کو مرکز بنا کر کی جانے والی ترقی، مقامی سطح پر بااختیاری کے اقدامات اور طرز حکمرانی سے مربوط سکیورٹی پالیسیوں کی حوصلہ افزائی اس اعتماد کو مزید مضبوط کرتی ہے کہ بلوچستان میں امن، استحکام اور ترقی ایک مشترکہ قومی ترجیح ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت اور قومی سلامتی کے ادارے باہمی ہم آہنگی کے ساتھ بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام، موثر طرز حکمرانی اور عوامی مسائل کے دیرپا حل کے لیے سنجیدگی سے کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ ترقی اور امن لازم و ملزوم ہیں اور عوام کی شمولیت کے بغیر پائیدار ترقی ممکن نہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں حالیہ مثبت پیش رفت فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، چیف آف ڈیفنس اسٹاف، کی غیر متزلزل سرپرستی، دور اندیش قیادت اور اسٹریٹجک وژن کا نتیجہ ہے انہوں نے بلوچستان میں تعینات پاک فوج کی مخلص، متحرک اور پیشہ ور ٹیم کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قربانیاں اور انتھک کاوشیں صوبے میں امن و امان کے قیام اور دہشت گردی کے خاتمے میں کلیدی حیثیت رکھتی ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبائی حکومت عوامی خدمت، مقامی بااختیاری اور شفاف طرز حکمرانی کو اپنی پالیسیوں کا محور بناتے ہوئے تمام ریاستی اداروں کے تعاون سے بلوچستان کو امن، ترقی اور خوشحالی کی جانب گامزن رکھے گی انہوں نے کہا کہ قومی یکجہتی، ادارہ جاتی ہم آہنگی اور مشترکہ وژن ہی بلوچستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہیں۔



کوئٹہ، وزیر محمد شریف بگٹی کے انتقال پر میر عبدالقدوس بزنجو اور دیگر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 9


DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال

چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 80 | جمعرات 25 دسمبر 2025ء، 4 رجب المرجب 1447ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 351


# صوبے میں ترقی کیلئے پاک فوج کی خدمات قابل تحسین ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان

## ترقی اور امن لازم و ملزوم ہیں اور عوام کی شمولیت کے بغیر پائیدار ترقی ممکن نہیں

## تمام شہریوں کو مذہبی آزادی، مساوی حقوق اور باہمی احترام کی ضمانت دیتا ہے

کوئٹہ (این این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ وہ پاکستان آرمی کی قیادت کے شکرگزار ہیں جنہوں نے بلوچستان میں جاری مثبت پیش رفت اور بہتری کے عمل کو سراہا اور اس کی توثیق کی۔ سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ عوامی فلاح کو مرکز بنا کر کی جانے والی ترقی، مقامی سطح پر بااختیاری کے اقدامات اور طرز حکمرانی سے مربوط سکیورٹی پالیسیوں کی حوصلہ افزائی اس اعتماد کو مزید مضبوط کرتی ہے کہ بلوچستان میں امن، استحکام اور ترقی ایک مشترکہ قومی ترجیح ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت اور قومی سلامتی کے ادارے باہمی ہم آہنگی کے ساتھ بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام، مؤثر طرز حکمرانی اور عوامی مسائل کے دیرپا حل کے لیے سنجیدگی سے کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ ترقی اور امن لازم و ملزوم ہیں اور عوام کی شمولیت کے بغیر پائیدار ترقی ممکن نہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں حالیہ مثبت پیش رفت فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، چیف آف ڈیفنس اسٹاف، کی غیر متزلزل سرپرستی، دور اندیش قیادت اور اسٹریٹجک وژن کا نتیجہ ہے انہوں نے بلوچستان میں تعینات پاک فوج کی مخلص، متحرک اور پیشہ ورانہ خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قربانیاں اور انتھک کاوشیں صوبے میں امن و امان کے قیام اور دہشت گردی کے خاتمے میں کلیدی حیثیت رکھتی ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبائی حکومت عوامی خدمت، مقامی بااختیاری اور شفاف طرز حکمرانی کو اپنی پالیسیوں کا محور بناتے ہوئے تمام ریاستی اداروں کے تعاون سے بلوچستان کو امن، ترقی اور خوشحالی کی جانب گامزن رکھے گی انہوں نے کہا کہ قومی یکجہتی، ادارہ جاتی ہم آہنگی اور مشترکہ وژن ہی بلوچستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہیں۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سابقہ ... کے چچازاد ... اور محمد شریف کے انتقال پر میر عبدالقدوس بزنجو ... سے تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

THE DAILY INTEKHAB (HUB)

روزنامہ انتخاب

حب بلوچستان

رجسٹرڈ نمبر ایس سی I-3

قیمت 40 روپے

صفحات 8

www.dailyintekhab.pk

Hub Ph: 0853-363533

Karachi Ph: 021-32631089 & 32034518

جلد نمبر 37 | بدھ 24 دسمبر 2025ء بمطابق 03 رجب المرجب 1447ھ | شمارہ نمبر 352


## پیپلز پارٹی کے کارکن پر فائرنگ، وزیر اعلیٰ کا نوٹس، رپورٹ طلب

**ملزمان کی جلد گرفتاری کا حکم، عصمت اللہ ظلمی کی جلد صحت یابی کیلئے دعا، بہترین طبی سہولیات فراہم کرنیکی ہدایت**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے پاکستان پیپلز پارٹی کے سرگرم رکن عصمت اللہ ظلمی پر فائرنگ کے واقعے کا سختی سے نوٹس لیتے ہوئے انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان سے واقعے کی

بقیہ نمبر 46 صفحہ 7 پر

تفصیلی رپورٹ طلب کر لی۔ وزیر اعلیٰ نے واقعے میں ملوث عناصر کی فوری گرفتاری اور انہیں قانون کے کٹہرے میں لا کر قرار واقعی سزا دلوانے کی ہدایت کی۔ وزیر اعلیٰ نے واضح کیا کہ صوبے میں سیاسی کارکنوں اور عوام کی جان و مال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور ایسے بزدلانہ واقعات میں ملوث عناصر کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ وزیر اعلیٰ کو آگاہ کیا گیا کہ پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے واقعے میں ملوث باقی ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے، جبکہ مزید تفتیش جاری ہے۔ گزشتہ شب پیپلز پارٹی کے رکن عصمت اللہ ظلمی کو پارٹی کے پرچم آویزاں کرتے ہوئے مسلح افراد نے فائرنگ کر کے زخمی کر دیا تھا جس کے بعد انہیں فوری طور پر سول ہسپتال کوئٹہ کے ٹراما سینٹر منتقل کیا گیا جہاں وہ اس وقت زیر علاج ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے زخمی کارکن کی جلد صحت یابی کے لئے دعا اور نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ علاج معالجے کی بہترین سہولیات فراہم کی جائیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 25 DEC 2025 Page No.


## عوامی مسائل کا بروقت حل اولین ترجیح ہے، نور محمد دمڑ

**قائداعظم برصغیر کے عظیم رہنما اور اصولوں کی سیاست کے علمبردار تھے، بیان و گفتگو**

کوئٹہ (ع ن) صوبائی وزیر خوراک و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ نے اپنے دفتر میں اپنے حلقے سے تعلق رکھنے والے اضلاع زیارت، ہرنائی اور سنجاوی سے آئے ہوئے عوامی وفود سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران عوام نے صوبائی وزیر کے سامنے اپنے درپیش مسائل، مشکلات اور ضروریات سے آگاہ کیا، جنہیں حاجی نور محمد دمڑ نے نہایت توجہ سے سنا صوبائی وزیر خوراک نے وفود کو یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ عوامی مسائل کا بروقت حل ان کی اولین ترجیح ہے اور اس ضمن میں متعلقہ محکموں کو واضح ہدایات جاری کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ زیارت، ہرنائی اور سنجاوی کے عوام نے جس اعتماد کا اظہار کیا ہے، اس پر پورا اترنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے اس موقع پر قائداعظم محمد علی جناح ؒ کے یوم پیدائش 25 دسمبر کے حوالے سے اپنے خصوصی پیغام میں صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ نے کہا کہ قائداعظم برصغیر کے مسلمانوں کے عظیم رہنما، بصیرت افروز قائد اور اصولوں کی سیاست کے علمبردار تھے۔ ان کی جدوجہد، دیانت داری اور قربانیوں کی بدولت ہمیں ایک آزاد وطن نصیب ہوا حاجی نور محمد دمڑ نے کہا کہ قائداعظم ؒ کے افکار، ایمانداری، قانون کی بالادستی اور عوامی خدمت کے اصول آج بھی ہمارے لیے مشعل راہ ہیں۔

## قائداعظم کے اصول آج بھی رہنمائی کا ذریعہ ہیں، سردار کھیتران

**بلوچستان کی ترقی خوشحالی میں مسیحی برادری کا اہم کردار ہے، پیغامات**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ اینڈ واسا سردار عبدالرحمن کھیتران نے کرسمس اور 25 دسمبر کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ بلوچستان ہمیشہ سے بین المذاہب ہم آہنگی، برداشت اور باہمی احترام کی روشن مثال رہا ہے۔ صوبے میں بسنے والی مسیحی برادری نے تعلیم، صحت، بلدیاتی خدمات اور سماجی ترقی میں نمایاں کردار ادا کیا ہے، جسے فراموش نہیں کیا جا سکتا انہوں نے کہا کہ 25 دسمبر بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی ولادت کا دن ہے، جنہوں نے ایک ایسے پاکستان کا تصور پیش کیا جہاں تمام شہری بلا امتیاز مذہب و نسل مساوی حقوق کے حامل ہوں۔ قائداعظم کے اصول آج بھی بلوچستان جیسے کثیر الثقافتی صوبے کے لیے رہنمائی کا ذریعہ ہیں۔

## محکمہ مواصلات وتعمیرات کی کارکردگی بہتر بنانے کی ضرورت ہے، سلیم کھوسہ

**صوبے کی ترقی اور خوشحالی میں محکمہ کا کردار نہایت اہم ہے، اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا ہے کہ صوبے کی ترقی اور خوشحالی میں محکمہ مواصلات وتعمیرات کا کردار نہایت اہم ہے صوبے میں انفراسٹرکچر کی بہتر ترقی اور خوشحالی کا دارومدار محکمہ مواصلات وتعمیرات کی بہتر کارکردگی پر منحصر ہے ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت سے متعلق جائزہ اجلاس بذریعہ زوم کی صدارت کرتے ہوئے کہا اس موقع پر سیکرٹری مواصلات و تعمیرات لعل جان جعفر چیف انجینئر چیف انجینئرز آفیسران کے علاوہ دیگر محکمہ مواصلات وتعمیرات کے متعلقہ حکام اور ایگزیکٹو انجینئرز بذریعہ زوم اجلاس میں شامل تھے، اجلاس کو صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا کہ محکمہ مواصلات و تعمیرات کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کی ضرورت ہے اور اس حوالے سے محکمہ کے جتنے بھی تکنیکی مسائل ہیں انہیں ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، ی ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کسی بھی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

MASHRIQ QUETTA

## قائداعظم کی تعلیمات ہمارے لئے مشعل راہ ہیں، میر شعیب نوشیروانی

**ملک کو درپیش چیلنجز کا مقابلہ کرنے کیلئے ہمیں قائد کے نقش قدم پر چلنا ہوگا**

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر خزانہ بلوچستان میر شعیب نوشیروانی نے کہا ہے کہ قائداعظم کی انتھک جدوجہد، اصول پسندی اور آئینی سوچ نے برصغیر کے مسلمانوں کو ایک آزاد مملکت کی صورت میں شناخت دی قائداعظم کی قیادت میں حاصل کیا گیا پاکستان ایک نظریاتی ریاست ہے جس کے نظریاتی حدود کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے پاکستان کے نظریاتی اور جغرافیائی دفاع کیلئے افواج پاکستان کا عزم، قربانیاں اور پیشہ ورانہ صلاحیتیں قابل فخر ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی یوم پیدائش کے موقع پر اپنے پیغام میں کیا۔ میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ قائداعظم کی انتھک جدوجہد، اصول پسندی اور آئینی سوچ نے برصغیر کے مسلمانوں کو ایک آزاد مملکت کی صورت میں شناخت دی

INTEKHAB QUETTA

## گوادر کے ریونیو مسائل پر ہدایت الرحمان کی صوبائی وزیر سے ملاقات

**نیو ٹاؤن اسکیم اور ماضی کے سٹلمنٹ پر تحفظات، عاصم کرد گیلو کی عوامی حقوق کے تحفظ کی یقین دہانی**

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے صوبائی وزیر ریونیو بلوچستان میر عاصم کرد گیلو سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ضلع گوادر میں پہلے کیے گئے سٹلمنٹ کے عمل، نیو ٹاؤن اسکیم، اور سربندن و اور ماڑہ کے نئے سٹلمنٹ سمیت دیگر ریونیو مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے صوبائی وزیر کو آگاہ کیا کہ ماضی کے سٹلمنٹ کے دوران متعدد مقامات پر عوام کے جائز حقوق غصب کیے گئے، جس کے باعث آج بھی لوگ شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ نیو ٹاؤن اسکیم میں شہریوں کے پاس باقاعدہ دستاویزات تو موجود ہیں، تاہم عملی طور پر زمین کا کوئی واضح نام و نشان نہیں، جو کہ ایک سنگین انتظامی اور قانونی مسئلہ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سربندن اور اور ماڑہ میں نئے سٹلمنٹ کے عمل کو شفاف، منصفانہ اور عوامی اعتماد کے مطابق مکمل کیا جائے تاکہ مقامی آبادی کے مالکانہ حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔ اس کے ساتھ ساتھ دیگر ریونیو مسائل اور بے ضابطگیوں کے خاتمے کے لیے بھی فوری اقدامات کی ضرورت ہے۔ اس موقع پر صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو نے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کے تحفظات کو سنجیدگی سے سنتے ہوئے یقین دہانی کرائی کہ ماضی کی غلطیوں کا جائزہ لیا جائے گا، نیو ٹاؤن اسکیم سمیت تمام معاملات کی چھان بین کی جائے گی اور سربندن و اور ماڑہ کے سٹلمنٹ کے عمل کو قانون اور شفافیت کے تقاضوں کے مطابق آگے بڑھایا جائے گا۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ عوامی حقوق کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ نمبر 32 صفحہ 5 پر

CamScanner



کوئٹہ: چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سے بلوچستان کی مجموعی صورتحال کے حوالے سے سینئر صحافیوں کا وفد ملاقات کر رہا ہے

## حکومت موثر سروس ڈیلیوری، گڈ گورننس کیلئے ہر ممکن کوشش کر رہی ہے، چیف سیکرٹری

**بجٹ میں تعلیم اور صحت کو خصوصی ترجیح، 60 ہزار نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں، سینئر صحافیوں سے گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سے سینئر صحافیوں پر مشتمل ایک وفد نے ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبے کی مجموعی سیاسی، سماجی، معاشی صورتحال، صوبائی بجٹ، ترقیاتی منصوبوں کی پیشرفت، محکمہ تعلیم و صحت میں شفاف تعیناتیوں اور بنیادی مراکز صحت کی فعالیت سمیت دیگر اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ وفد سے گفتگو کرتے ہوئے چیف سیکرٹری بلوچستان نے کہا کہ صوبائی حکومت عوام کو بہترین موثر سروس ڈیلیوری، گڈ گورننس اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لئے ہر ممکن کوشش کر رہی ہے۔ صوبائی حکومت عوام کی فلاح و بہبود کے لیے پرعزم ہے اور بجٹ کو شفاف طریقے سے ترقیاتی منصوبوں پر خرچ کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جاری مالی سال کے بجٹ میں تعلیم اور صحت کے شعبوں کو خصوصی ترجیح دی گئی ہے جبکہ ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی کے لیے جدید مانیٹرنگ سسٹم متعارف کرایا گیا ہے۔ محکمہ تعلیم اور صحت میں تعیناتیوں کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ مذکورہ محکموں میں میرٹ کی بنیاد پر تعیناتیاں کی گئی ہیں۔ صوبے میں پہلی مرتبہ محکمہ تعلیم میں 14000 اساتذہ کی بھرتیاں مکمل کی ہیں۔ اس سے صوبے کے 98 فیصد اسکول فعال کئے گئے ہیں۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ صوبائی حکومت نے 164 بنیادی مراکز صحت (بی ایچ یوز) کو فعال کیا گیا ہے، ان مراکز کو مکمل فعال بنانے کے لیے ضروری عملہ، ادویات اور آلات فراہم کیے گئے ہیں، تاکہ دیہی علاقوں میں صحت کی سہولیات بہتر ہو سکیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت صوبے میں امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال، جدید اسلحہ کی فراہمی، اہلکاروں کی تربیت اور نئی پولیس سٹیشنز کی تعمیر سمیت متعدد اقدامات کر رہی ہے جبکہ لیویز کو پولیس میں ضم کرنے سے حالات میں بہتری آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت انٹرپرائز ڈیولپمنٹ کے ذریعے صوبے میں نوجوانوں کی روزگار کی فراہمی کے لیے ایک پروگرام شروع کیا ہے، جس سے بلوچستان کے چھ اضلاع میں 60 ہزار نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ اخوت کے ساتھ مل کر 12 ہزار نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کے لیے قرضے دیے جائیں گے۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ صوبے میں اسٹریٹیجک منصوبوں کی اہمیت بہت زیادہ ہے کیونکہ یہ ترقی، اقتصادی استحکام اور عوامی فلاح و بہبود میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔

## MASHRIQ QUETTA

# صوبے میں گڈ گورننس کو یقینی بنانے کیلئے سنجیدہ اقدامات جاری ہیں، چیف سیکرٹری

**36 اضلاع میں انتظامی امور چلانے کیلئے کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز اور قیام امن کیلئے ایس ایس پیز اور ایس ڈی پی اوز کی میرٹ پر تعیناتیاں کی گئی ہیں**

آفیسران پر کوئی سیاسی دباؤ نہیں، چیک اینڈ بیلنس کیلئے ڈیجیٹلائزیشن کا عمل شروع کیا ہے 4100 تعلیمی ادارے اور 164 بی ایچ یوز بحال کئے

**ریکوڈک سے بلوچستان کو بغیر کچھ خرچ کئے ہوئے 25 فیصد 1 ارب ڈالر سالانہ حصہ مل رہا ہے جس سے صوبے میں معاشی انقلاب برپا ہوگا**

کوئٹہ (محمد افضل مغل) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا ہے کہ حکومت نے صوبے میں گڈ گورننس کے قیام کو یقینی بنانے کے لئے 36 اضلاع میں کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز اور انتظامی آفیسران کی تعیناتی میرٹ پر کی ہے جبکہ امن کے قیام کے لئے آئی جی پولیس بلوچستان نے میرٹ کی بنیاد پر ایس ایس پیز اور ایس ڈی پی اوز لگائے ہیں۔ ان پر کوئی سیاسی دباؤ نہیں چیک اینڈ بیلنس کو برقرار رکھنے کے لئے ڈیجیٹلائزیشن کا عمل شروع کیا گیا ہے اور صوبے کے 4100 تعلیمی اداروں اور 164 بی ایچ یوز اور دیگر صحت کے مراکز کو بحال کیا گیا ہے۔ ریکوڈک سے بلوچستان کو بغیر کچھ خرچ کئے ہوئے 25 فیصد 1 ارب ڈالر سالانہ حصہ مل رہا ہے جس سے صوبے میں معاشی انقلاب برپا ہوگا اور یو اے ای کی کمپنی مائننگ کے شعبے میں سرمایہ کاری کرنا چاہتی ہے جس کے آنے والے وقت میں دوررس نتائج برآمد ہوں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو اپنے دفتر میں سینئر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سیکرٹری اطلاعات عمران خان اور ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز نور کھیتران سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ چیف سیکرٹری بلوچستان نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کی سربراہی میں حکومت بلوچستان نے اچھی طرز حکمرانی کو یقینی بنانے کیلئے کئی اقدامات اٹھائے ہیں جن کا مقصد صوبے کے حالات زار کو بہتر بنانا ہے اور لیویز کو پولیس میں ضم کرنے سے امن و امان میں بہتری آئی ہے لیویز فورس جو کہ انگریز کے دور سے چلی آرہی ہے اس میں جرائم میں ملوث لوگ بھی شامل تھے ریکارڈ چیک کرنے پر چیزیں سامنے آئی ہیں ایک شخص لیویز کے 104 ملازمین کو ذاتی حیثیت میں ان سے کام لے رہا تھا اور ایک شخص کے پاس 64 لیویز کے جوان، گارڈ، مالی اور دیگر حوالوں سے کام کر رہے تھے۔ بلوچستان میں امن و امان کی بہتری کیلئے بہتر طرز حکمرانی کی ضرورت ہے سیکورٹی حالات بہتر ہونے سے صوبے میں بہت سے مسائل حل ہو سکتے ہیں اس میں بیوروکریسی، انتظامیہ اور سیاستدان ملکر حالات کو بہتر بنانے میں اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ماضی کے مقابلے میں ترقیاتی منصوبوں کے فنڈز کے بروقت اجرا کو یقینی بنایا گیا ہے کیونکہ ماضی میں بجٹ کی منظوری کے بعد دوبارہ اسکیموں کی منظوری لی جاتی تھی جس کی وجہ سے فنڈ تاخیر سے ریلیز ہوتے تھے اور منصوبے بروقت مکمل نہیں ہوتے تھے جس کی وجہ سے لوگ ان منصوبوں کی افادیت سے مستفید نہیں ہو سکتے اب ان اقدامات سے محکمہ خزانہ اور محکمہ منصوبہ بندی کے صوابدیدی اختیارات ختم کر دیے محکمہ مواصلات و تعمیرات کے بلنگ کے نظام کو ڈیجیٹلائز کیا گیا ہے



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سے بلوچستان کی صورتحال کے حوالے سے سینئر صحافیوں کا وفد ملاقات کر رہا ہے

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 25 DEC 2025 Page No. 13


## قائداعظم ریزیڈنسی کی سیکورٹی کیلئے خصوصی اقدامات کئے ہیں، آئی جی پولیس

**زیارت پولیس کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرکے زیارت کا امن ممکن بنایا جائے گا، خطاب**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان محمد طاہر نے کہا ہے کہ زیارت اور سیاحتی مقام میں امن وامان برقرار رکھنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی ریزیڈنسی کی سیکورٹی کے لئے خصوصی اقدامات کئے گئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز زیارت کے ایک روزہ دورہ کے موقع پر پولیس دربار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس سبی رینج ... اور سپرنٹنڈنٹ آف پولیس زیارت ... خان بھی موجود تھے۔ آئی جی پولیس کو زیارت ... پولیس زیارت کے چاق و چوبند دستے نے سلامی دی۔ آئی جی نے یادگار شہداء پر پھول چڑھائے اور شہداء کی روح کی ایصال ثواب اور درجات کی بلندی کے لیے دعا کی۔ اس موقع پر انہوں نے پولیس دربار میں ضلع زیارت کے پولیس افسران اور اہلکاروں کے مسائل سنے اور ان کے حل کے لیے موقع پر ضروری ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ زیارت پولیس کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرکے زیارت کے امن کو ممکن بنایا جائے گا۔ بعدازاں انہوں نے زیارت پولیس اسٹیشن کا معائنہ بھی کیا جہاں انہیں پولیس اسٹیشن میں موجود وسائل کے حوالے سے تفصیلات بتائی گئیں۔

MASHRIQ QUETTA

## کوئٹہ شہر کیلئے جامع ماسٹر پلان جلد از جلد مرتب کیا جائے، کمشنر کوئٹہ

**کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیر صدارت اربن پلاننگ وڈیزائن کمیٹی کے اجلاس کا انعقاد، متعلقہ حکام کی شرکت، اہم فیصلے**

**اجلاس میں ایئر پورٹ روڈ، سبزل روڈ، سریاب روڈ اور لنک شاہوانی روڈ پر ہر قسم کی نئی تعمیرات پر پابندی عائد کرنے کا فیصلہ**

**رہائشی علاقوں کو کمرشل ایریاز میں تبدیل کرنے پر مکمل پابندی عائد کرنے کا فیصلہ، نئے کمرشل پلازوں میں پارکنگ کی سہولت فراہم کرنا لازمی قرار**

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیر صدارت اربن پلاننگ وڈیزائن کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ حبیب الرحمٰن گمرانی، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی، ڈپٹی ڈائریکٹر کوئٹہ ڈویلپمنٹ پراجیکٹ عابد محمود، ایس پی پولیس سٹی نعمان ظفر سمیت محکمہ ماحولیات، سی اینڈ ڈبلیو اور کیو ڈی اے کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں کوئٹہ شہر کی اہم شاہراہوں پر جاری ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا جبکہ ٹریفک جام، غیر منظم تعمیرات اور مستقبل میں شہر کی توسیع سے متعلق درپیش مسائل پر غور وخوض کے بعد متعدد اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ایئرپورٹ روڈ، سبزل روڈ، سریاب روڈ اور لنک شاہوانی روڈ پر ہر قسم کی نئی تعمیرات اور کنسٹرکشن پر پابندی عائد کی جائے گی۔ کسی بھی قسم کے تعمیراتی کام کے لیے پیشگی اجازت کمشنر آفس سے حاصل کرنا لازم ہوگا، جہاں درخواست جمع کرانے کے بعد اربن پلاننگ کمیٹی اس کا جائزہ لے کر حتمی فیصلہ کرے گی۔ اجلاس میں رہائشی علاقوں کو کمرشل ایریاز میں تبدیل کرنے پر مکمل پابندی عائد کرنے کا فیصلہ کیا گیا جبکہ نئے تعمیر ہونے والے کمرشل پلازوں میں پارکنگ کی مناسب سہولت فراہم کرنا لازمی قرار دیا گیا۔ اس کے علاوہ شادی ہالز اور ریسٹورنٹس کی این او سی کا ازسرنو جائزہ لینے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔

## بلوچستان کی جامعات کیلئے 85 کروڑ سے زائد کی گرانٹ جاری

**رقم صرف گرانٹ ان ایڈ رولز 2022 کے قوانین کے تحت استعمال میں لائی جاسکتی ہے، تنخواہیں و پنشنز ادا کی جائیگی، محکمہ خزانہ**

**جامعہ بلوچستان کو 27 کروڑ 95 لاکھ 9 ہزار 328 روپے اور بیوٹمز کو 19 کروڑ 14 لاکھ 7 ہزار 895 روپے کی گرانٹ ملے گی**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان حکومت نے صوبے کی جامعات کیلئے رواں ماہ کی تنخواہوں اور پنشن کی ادائیگی کیلئے 85 کروڑ روپے سے زائد کی گرانٹ ان ایڈ جاری کردی۔ بدھ کو محکمہ خزانہ بلوچستان کی جانب سے صوبے کی جامعات اور کیمپسز کے لیے 85 کروڑ 75 لاکھ 91 ہزار 392 روپے کی گرانٹ ان ایڈ جاری کردی ہے۔ گرانٹ کے تحت جامعہ بلوچستان کو 27 کروڑ 95 لاکھ 9 ہزار 328 روپے، بیوٹمز کو 19 کروڑ 14 لاکھ 7 ہزار 895 روپے، بلوچستان یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی خضدار کے لیے 5 کروڑ 81 لاکھ 62 ہزار 635 روپے، سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی کے لیے 10 کروڑ 61 لاکھ 47 ہزار، لسبیلہ یونیورسٹی کے لیے 8 کروڑ 97 لاکھ 84 ہزار 116 روپے، یونیورسٹی آف تربت کے لیے 4 کروڑ 89 لاکھ 95 ہزار 432 روپے، یونیورسٹی آف لورالائی کے لیے 3 کروڑ 10 لاکھ 42 ہزار 289 روپے، میر چاکر رند یونیورسٹی سبی کے لیے 1 کروڑ 35 لاکھ 79 ہزار 473 روپے، یونیورسٹی آف گوادر کے لیے 1 کروڑ 41 لاکھ 59 ہزار 507 روپے، بولان یونیورسٹی آف ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل سائنسز کوئٹہ کے لیے 1 کروڑ 13 لاکھ 78 ہزار 781 روپے، یونیورسٹی آف مکران پنجگور کے لیے 1 کروڑ 1 لاکھ 17 ہزار 781 روپے جبکہ جامعہ بلوچستان خاران کیمپس کے لیے 45 لاکھ 67 ہزار 207 روپے کی گرانٹ جاری کی گئی ہے۔ محکمہ خزانہ کے مطابق یہ رقم صرف گرانٹ ان ایڈ رولز 2022 کے قوانین کے تحت ہی استعمال کی جاسکے گی۔

Century Express Quetta

## آئینی عدالت نے کوئٹہ بلدیاتی الیکشن پر حکم امتناع جاری کردیا

اسلام آباد (جہانزیب عباسی) وفاقی آئینی عدالت نے کوئٹہ کے لوکل گورنمنٹ انتخابات پر حکم امتناع جاری کردیا۔ چیف جسٹس امین الدین کی سربراہی میں تین رکنی بنچ نے سماعت کی، جسٹس عامر فاروق اور جسٹس علی باقر (باقی صفحہ 5 نمبر 21)

بنچ میں شامل ہیں۔ درخواست گزار کا موقف ہے کوئٹہ میں حلقہ بندیاں 2017 والی مردم شماری کے تحت ہوئیں، اب 2023 کی مردم شماری نوٹیفائی ہو چکی، انتخابات نئی حلقہ بندیوں کے تحت ہونے چاہیے۔ عدالت نے حکم امتناع جاری کرتے ہوئے فریقین کو نوٹس جاری کردیے۔

## 2025، بلوچستان اسمبلی نے 26 بل اور ایکٹ پاس کیے

**11 حکومتی اور 30 پرائیویٹ ممبران کی قراردادیں منظور ہوئیں، 4 ان کیمرہ اجلاس ہوئے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی نے 2025ء کے دوران مجموعی طور پر 26 بل اور ایکٹ پاس کیے جبکہ چار بل متعلقہ قائمہ کمیٹیوں میں زیر التواء ہیں، اس دوران 11 حکومتی اور 30 پرائیویٹ ممبران کی قراردادیں منظور کی گئیں، 25 توجہ دلاؤ نوٹسز، 114 سوالات کے جوابات دیے گئے، چار ان کیمرہ اجلاس منعقد کیے گئے، پارلیمانی سال کے 92 دن مکمل کیے گئے، جبکہ آٹھ دن رہ گئے ہیں۔ بلوچستان اسمبلی کا پارلیمانی سال ہر سال 28 فروری کو اختتام پذیر ہوتا ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 25 DEC 2025

Page No. 14


# بی ٹیوٹا اور جی آئی زیڈ کے اشتراک سے ووکیشنل ایجوکیشن پالیسی کی تیاری

**ٹی ویٹ سیکٹر کو عالمی معیار کے مطابق ڈھالنا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ نوجوانوں کی روزگار کے مواقع میں اضافہ اور مارکیٹ کی ضروریات پوری کی جاسکیں، شرکا،**

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (BTEVTA) نے جرمن ادارے جی آئی زیڈ (GIZ) کے تعاون سے ووکیشنل ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ (VET) پالیسی 2026-2030 کی تشکیل کے لیے ایک اہم اسٹیک ہولڈرز اجلاس کا انعقاد کیا۔ اجلاس میں مختلف سرکاری و نجی اداروں سے تعلق رکھنے والے اہم اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔ اجلاس کا مقصد ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹرز (TTCs) کی استعداد کار میں اضافہ، جدید ٹیکنالوجی کے فروغ اور بین الاقوامی منڈی کی ضروریات سے ہم آہنگ نئے ہنر اور شعبہ جات متعارف کرانے کے لیے قابل عمل حکمت عملی تیار کرنا تھا شرکاء نے ہنر مند افرادی قوت کی تیاری پر زور دیا جو صنعت کی موجودہ اور مستقبل کی ضروریات پوری کر سکے۔ اجلاس کے دوران شرکاء نے قیمتی تجاویز پیش کیں اور ٹیویٹ (TVET) سیکٹر میں نئے ٹریڈز کے آغاز، نصاب کی بہتری اور نجی شعبے کے ساتھ مضبوط روابط پر تفصیلی گفتگو کی۔ اس موقع پر چیمبر آف کامرس اور

بقیہ نمبر 34 صفحہ 5 پر

اوورسیز ایمپلائمنٹ کارپوریشن (OEO) کے نمائندوں نے بھی اپنی آراء اور تجاویز سے اجلاس کو آگاہ کیا۔ اجلاس کے اختتام پر منیجنگ ڈائریکٹر تنویر الرحمن نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ٹی ویٹ سیکٹر کو عالمی معیار کے مطابق ڈھالنا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ نوجوانوں کی روزگار کے مواقع میں اضافہ ہو اور مارکیٹ کی ضروریات پوری کی جاسکیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ مشترکہ کاوشوں سے نہ صرف ہنر مندی کے فروغ بلکہ خطے کی معاشی ترقی میں بھی نمایاں بہتری آئے گی۔ اجلاس میں اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ ادارہ جاتی تعاون اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ پالیسی سازی کے ذریعے بلوچستان میں مہارتوں کی ترقی اور پائیدار معاشی نمو کو یقینی بنایا جائے گا۔

# Balochistan govt sets up first AI cell

## Move aims at improving security management, data analysis

SARDAR HAMEED KHAN
QUETTA

The Balochistan government has established its first Artificial Intelligence cell within the Department of Home and Tribal Affairs to improve security measures and make decisions based on data analysis, a move aimed at further enhancing the province's law and order situation.

According to a statement from the provincial government, the establishment of the AI cell marks a significant step towards adopting modern technology in governance. The cell will utilise data from the Balochistan Integrated Security Architecture (BISA) to analyse crime patterns, security threats, and potential risks, aiding timely responses to emerging challenges.

The AI cell's primary objectives include identifying crime trends, predicting potential risks in high-threat areas, and analysing security dynamics. The government aims to strengthen security measures before incidents occur, providing substantial support in preventing security breaches.

The Balochistan government highlighted that the AI cell would ensure the confidentiality of sensitive security data while promoting evidence-based, data-driven decision-making. In a further statement, the Department of Home and Tribal Affairs explained that the AI cell would produce regular analytical reports to assist in policymaking and operational planning.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 25 DEC 2025

Page No. 16


## حکومت نے جمہوری عمل سے راہ فرار اختیار کی، نیشنل پارٹی

**حکومتی جماعتیں صرف 122 امیدوار نامزد کر سکیں جوان کی ناکامی کا ثبوت ہے، ترجمان**

**کوئٹہ شہر کو سات سال سے بلدیاتی نمائندوں سے محروم رکھا گیا ہے، اسلم بلوچ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات کے التوا پر سخت ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلدیاتی انتخابات جمہوریت کی بنیادی اکائی اور نچلی سطح پر عوامی نمائندگی کی واضح علامت ہوتے ہیں، مگر اس اہم جمہوری عمل کی راہ میں ہمیشہ رکاوٹیں کھڑی کی جاتی رہی ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات میں نیشنل پارٹی کی عوامی موبلائزیشن، بھرپور رابطہ مہم اور بڑھتی ہوئی مقبولیت کے باعث 20 سے زائد امیدوار بلامقابلہ منتخب ہوئے جو اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ نیشنل پارٹی کو عوامی اعتماد اور حمایت حاصل ہے جبکہ حکومتی جماعتوں کو کوئٹہ کے عوام نے پہلے ہی مرحلے میں مسترد کر دیا تھا یہاں تک کہ ان جماعتوں کا ٹکٹ لینے کے لیے بھی کوئی تیار نہ ہوا۔ مجموعی طور پر حکومتی جماعتیں صرف 122 امیدوار نامزد کر سکیں جو ان کی واضح سیاسی ناکامی کا ثبوت ہے۔ مرکزی ترجمان نے کہا کہ بعض سیاسی جماعتیں وکٹ کی دونوں جانب کھیلنے میں مصروف رہیں ایک طرف وہ انتخابات کے انعقاد کی بات کرتی رہیں جبکہ دوسری جانب انہی کی جانب سے پٹیشن دائر کی گئی۔

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اسلم بلوچ نے کہا ہے کہ انتخابات جمہوری عمل ہے اور حکومت نے اس جمہوری عمل سے راہ فرار اختیار کیا ہے، یہ بات انہوں نے بدھ کو بلوچستان ہائیکورٹ میں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کی۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ شہر کو سات سال سے بلدیاتی نمائندوں سے محروم رکھا گیا ہے۔ کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے ہم سپریم کورٹ بھی جائیں گے اور جنوری کے تیسرے ہفتے میں سپریم کورٹ میں ہونے والی سماعت کے دوران ہم فریق بنیں گے۔ نیشنل پارٹی کے رہنما ایڈووکیٹ راحب بلیدی نے کہا کہ 28 دسمبر کو کوئٹہ میں ہونے والے بلدیاتی انتخابات کیلئے تمام مراحل مکمل ہو چکے تھے صرف پولنگ کا عمل باقی تھا تاہم حکومتی جماعتیں چاہتی تھیں کہ انتخابات ملتوی ہوں، نیشنل پارٹی، ایچ ڈی پی، تحریک انصاف اور بلامقابلہ منتخب ہونے والے بلدیاتی نمائندے بلدیاتی انتخابات ملتوی کرنے کے مخالف تھے اس حوالے سے ہم نے بلوچستان ہائیکورٹ میں آئینی درخواست بھی دائر کی تھی کہ جمہوری عمل کو مکمل کیا جائے مگر آئینی عدالت نے بلدیاتی انتخابات جنوری کے تیسرے ہفتے تک ملتوی کرنے کے احکامات جاری کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی آئینی عدالت کے فیصلے کے بعد بلوچستان ہائیکورٹ میں دائر درخواستیں بے اثر ہو گئیں۔

## سربندن اور اورماڑہ میں سیٹلمنٹ شفاف انداز میں مکمل کی جائے، ہدایت الرحمن

**مقامی آبادی کے مالکانہ حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جائے، عاصم کرد گیلو سے ملاقات میں گفتگو**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو سے ملاقات کی، ملاقات کے دوران ضلع گوادر میں چلنے والے سیٹلمنٹ، نیو ٹاؤن اسکیم اور سربندن و اورماڑہ کے نئے سیٹلمنٹ سمیت دیگر ریونیو مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے صوبائی وزیر کو آگاہ کیا کہ ماضی کے سیٹلمنٹ کے دوران متعدد مقامات پر عوام کے جائز حقوق غصب کیے گئے جس کے باعث آج بھی لوگ شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ نیو ٹاؤن اسکیم میں شہریوں کے پاس باقاعدہ فائلیں تو موجود ہیں تاہم زمین کا کوئی واضح نام و نشان نہیں جو سنگین انتظامی اور قانونی مسئلہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ سربندن اور اورماڑہ میں نئے سیٹلمنٹ کے عمل کو شفاف، منصفانہ اور عوامی اعتماد کے مطابق مکمل کیا جائے تاکہ مقامی آبادی کے مالکانہ حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے، اس کے ساتھ ساتھ دیگر ریونیو مسائل اور بے ضابطگیوں کے خاتمے کے لیے بھی فوری اقدامات کی ضرورت ہے۔ صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو نے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ کو یقین دہانی کرائی کہ ماضی کی غلطیوں کا جائزہ لیا، نیو ٹاؤن اسکیم سمیت تمام معاملات کی چھان بین کی اور سربندن و اورماڑہ کے سیٹلمنٹ کے عمل کو قانون اور شفافیت کے تقاضوں کے مطابق آگے بڑھایا جائے گا۔

## نئی مردم شماری کے مطابق منصفانہ حلقہ بندیاں کی جائیں، پشتونخوا نیپ

**انتخابی عمل میں کمزوریاں اور بے ضابطگیاں، فہرستوں میں سنگین نوعیت کی دھاندلی کی گئی، بیان**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے بلدیاتی انتخابات کے ملتوی ہونے پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے بلدیاتی انتخابات میں حصہ لینے کے لیے ہر سطح پر، ہر لحاظ سے اور بھرپور تیاری کر رکھی تھی۔ پارٹی ان دو بڑی سیاسی جماعتوں میں شامل تھی جنہوں نے کوئٹہ شہر میں سب سے زیادہ بلدیاتی کونسلرز نامزد کیے تھے، جن کی تعداد سیکڑوں میں تھی۔ بیان میں کہا گیا کہ پارٹی کو بجا طور پر یہ امید تھی کہ کوئٹہ کے باشعور عوام پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے نامزد امیدواروں کو کامیاب بنائیں گے۔ تنظیمی اور انتخابی تیاریاں مکمل کر لی گئی تھیں۔ انتخابی عمل کے مختلف مراحل میں جب غفلت، کمزوریاں اور بے ضابطگیاں سامنے آنے لگیں تو یہ بات روز روشن کی طرح واضح ہو گئی کہ انتخابی فہرستوں میں سنگین نوعیت کی دھاندلی کی گئی ہے۔ بیان میں انکشاف کیا گیا کہ بعض وارڈز ایسے بھی بنائے گئے جن میں محض تین ووٹرز شامل تھے، جبکہ کہیں دس، تیرہ، بیس، پچاس اور سو ووٹوں پر مشتمل وارڈز قائم کیے گئے۔ یہاں تک کہ بعض بااثر افراد نے اپنے گھروں پر مشتمل وارڈز بنا کر میاں، بیوی اور بیٹوں کو بلامقابلہ منتخب کروا لیا۔ اس کے علاوہ انتخابی نتائج دو دن بعد جاری کرنے کا عندیہ بھی دیا گیا، جو اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ انتخابی دھاندلی ایک منظم منصوبے کے تحت کی جا رہی تھی۔ پریس ریلیز میں کہا گیا کہ اس دوران اراکین اسمبلی اور وزراء کی جانب سے سرکاری وسائل کا بے دریغ استعمال بھی کیا گیا، الیکشن کمیشن کی اولین ذمہ داری بنتی ہے کہ انتخابی فہرستوں کی فوری طور پر تصحیح کرے، نئی مردم شماری کے مطابق منصفانہ حلقہ بندیاں عمل میں لائے، اور ان عناصر کے خلاف سخت کارروائی کرے جنہوں نے اپنے خاندانوں اور ذاتی مفادات کے لیے غیر قانونی وارڈز تشکیل دے کر جمہوری عمل کو یرغمال بنایا۔


MASHRIQ QUETTA


## حکومتی جماعتوں نے ناکامی سے بچنے کیلئے بلدیاتی الیکشن ملتوی کرائے، قوم پرست جماعتیں

**بلدیاتی انتخابات ملتوی کروانے والی جماعتیں درحقیقت عوامی فیصلے سے خوفزدہ ہیں، عبدالرحیم زیارتوال، میر رحمت صالح بلوچ**

**جن جماعتوں نے عدالتی پٹیشن کے ذریعے بلدیاتی انتخابات ملتوی کرائے انہوں نے عوامی جمہوری حق پر ڈاکہ ڈالا ہے، آغا حسن بلوچ**

کوئٹہ (اے این این) بلوچ و پشتون قوم پرست جماعتوں کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ حکومتی جماعتوں نے اپنی ناکامی چھپانے کے لیے بلدیاتی الیکشن سے بھاگنے کا ڈرامہ رچا دیا اور عدالت میں درخواست جمع کر کے موسم اور خاص کر امن و امان کے حوالے سے بہانہ بنا کر الیکشن ملتوی کرنے کی سازش کی جس سے جمہوریت پر ایک بار پھر قدغن لگانے کی کوشش کی گئی حکمران جماعتوں کی یہ پالیسی عوام دشمن اور جمہوریت کے خلاف ایک سازش ہے جسے بے نقاب کرنے کے لیے ہم اپنی جدوجہد کو جاری رکھیں گے ضرورت پڑی تو سپریم کورٹ سے بھی رابطہ کریں گے۔ یہ بات پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما و رکن صوبائی اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ، بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات آغا حسن بلوچ نے بلدیاتی انتخابات کے ملتوی ہونے پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ جب عوام نے قوم پرست جماعتوں پر اعتماد کر کے 200 کے قریب کونسلروں کو بلامقابلہ کامیاب کیا تب حکمران جماعت کو ہوش آیا اور انہوں نے اپنی ناکامی چھپانے کے لیے ایک بار پھر عدالت کا سہارا لیا اور عدالت میں درخواست جمع کی واضح رہے کہ الیکشن کمیشن نے دو دفعہ الیکشن کرانے کے لیے وزیر اعلیٰ بلوچستان کی جانب سے دائر درخواست کو مسترد کیا اور بلوچستان ہائی کورٹ سے ہماری یہی امید تھی کہ وہ مقررہ وقت پر الیکشن منعقد کرانے کے لیے فیصلہ

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 25 DEC 2025

Page No. 17


## سٹی پولیس سی کی جرائم کارروائی
## چوری، ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث گینگ کا سرغنہ ساتھیوں سمیت گرفتار

**ملزمان کے قبضے سے 20 مسروقہ موٹر سائیکلیں، 2 لاکھ 70 ہزار روپے، 2 عدد ٹی ٹی پستول برآمد، مزید گرفتاریوں کا امکان ہے**

**دیگر کارروائیوں میں قتل کے مختلف مقدمات میں ملوث تین ملزمان کو بھی حراست میں لے لیا گیا ہے، محمد اشرف جمالی کی پریس کانفرنس**

سی (سلیم کشکوری) ڈی ایس پی سٹی سی محمد اشرف جمالی اور ایس ایچ او سٹی سی غلام علی ابڑو نے کہا ہے کہ سٹی پولیس سی کی جانب سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کامیاب کارروائیوں کا سلسلہ تسلسل کے ساتھ جاری ہے۔ سٹی پولیس نے چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث گینگ کے سرغنہ سمیت چار ملزمان کو گرفتار کرلیا ہے، جبکہ دیگر کارروائیوں میں قتل کے مختلف مقدمات میں ملوث تین ملزمان کو بھی حراست میں لے لیا گیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تھانہ سٹی سی میں منعقدہ ایک پرہجوم پولیس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر کرائم برانچ کوئٹہ کے ایس ایچ او شہباز بابی، ڈی آئی بی کے انچارج رحیم وقاص، سب انسپکٹر محبت خان کشکوری، اے ایس آئی منور خان کشکوری، اے ایس آئی عامر رند، اے ایس آئی پولیس مری، محرر رب نواز سمیت دیگر پولیس افسران بھی موجود تھے۔ پریس کانفرنس میں بتایا گیا کہ سٹی پولیس نے موٹر سائیکل چوری اور چھیننے کی وارداتوں میں ملوث گینگ کے مرکزی ملزم سمیت چار افراد کو گرفتار کیا ہے، جن کے قبضے سے مجموعی طور پر 20 مسروقہ موٹر سائیکلیں برآمد کی گئی ہیں۔ گرفتار ملزمان نے مختلف علاقوں میں چوری اور چھیننے کی متعدد وارداتوں کا انکشاف کیا ہے، جبکہ ان سے تفتیش کا سلسلہ جاری ہے اور مزید گرفتاریوں کا امکان ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گرفتار ملزمان کے قبضے سے 2 لاکھ 70 ہزار روپے نقدی اور 2 عدد ٹی ٹی پستول بھی برآمد کیے گئے ہیں۔ گرفتار گینگ میں غلام محمد مری، نور محمد عرف نورو، رحیم داد اور حمل خان شامل ہیں۔ ڈی ایس پی سٹی نے مزید بتایا کہ سٹی پولیس نے مختلف کارروائیوں کے دوران قتل کے مقدمات میں ملوث تین ملزمان شہداد خان، عبداللہ اور تکبیر احمد کو گرفتار کرلیا ہے۔ گرفتار ملزمان میں تکبیر احمد کرائم برانچ کوئٹہ کو مطلوب تھا۔

## جیوانی: گزشتہ دو ماہ میں 123 غیر قانونی تارکین وطن گرفتار

**غیر قانونی طریقے سے ایران سے پاکستان اور پاکستان سے ایران سفر کررہے تھے**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان کوسٹ گارڈز کے عملے نے غیر قانونی تارکین وطن کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 123 غیر قانونی تارکین وطن کو گرفتار کرلیا۔ پاکستان کوسٹ گارڈز نے گزشتہ دو ماہ کے دوران بلوچستان کے بارڈر جیوانی کے علاقے سے 123 غیر قانونی تارکین وطن کو گرفتار کرلیا۔ یہ تمام افراد بغیر کسی قانونی دستاویزات اور راہداری کے غیر قانونی طریقہ سے ایران سے پاکستان اور پاکستان سے ایران سفر کررہے تھے۔ ابتدائی تفتیش کے بعد ان تمام افراد کو مزید تفتیش اور دیگر قانونی کارروائیوں کے لیے ایف آئی اے حکام کے حوالے کردیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان کوسٹ گارڈز اس امر کا اعادہ کرتی ہے کہ مستقبل میں بھی اس طرح کی کارروائیاں تسلسل کے ساتھ جاری رکھے گی تاکہ وطن عزیز کو انسانی اسمگلنگ جیسی لعنت سے نجات دلائی جاسکے اور اس مقصد کے حصول کے لئے تمام دستیاب وسائل کو بھرپور طریقے سے بروئے کار لایا جائے گا۔

**Century Express Quetta**

## پرائس کنٹرول کمیٹی کی کارروائیاں، 8 افراد گرفتار

**5 کلوگرام پلاسٹک کی ممنوعہ تھیلیاں، 5 کمپریسر ضبط کرلئے گئے**

کوئٹہ (خ ن) اسپیشل مجسٹریٹ (سریاب) عزت اللہ کی زیر نگرانی سب ڈویژن سریاب کے مختلف علاقوں میں پرائس کنٹرول، قصابوں، ممنوعہ پلاسٹک تھیلیوں اور گیس کمپریسر فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں کی گئیں۔ اس دوران 29 دکانوں کا معائنہ کیا گیا، خلاف ورزی پر 8 افراد کو گرفتار کیا گیا جبکہ 10 ہزار روپے سے زائد جرمانہ عائد کیا گیا۔ ممنوعہ پلاسٹک تھیلیوں کے خلاف کارروائی کے دوران 5 دکانوں کا معائنہ کیا گیا اور تقریباً 5 کلوگرام پلاسٹک تھیلیوں کو ضبط کیا گیا۔ اسی طرح غیر قانونی کمپریسرز کے استعمال کو چیک کرنے پر 12 دکانوں کا معائنہ کیا جن میں 5 دکانوں میں کمپریسر استعمال ہورہے تھے، انہیں فوری طور پر ضبط کیا اور دکانداروں پر جرمانے عائد کیے۔

**INTEKHAB QUETTA**

## پنجگور پولیس کی مختلف کارروائیوں میں منشیات برآمد

**کارروائی تھانہ گوادر اور سریکوران کے عملے نے کی، جرائم پیشہ افراد کو آزاد نہیں رہنے دیا جائیگا، پولیس**

پنجگور (نامہ نگار) پولیس تھانہ گوار گو اور پولیس تھانہ سریکوران کی منشیات فروشوں کے خلاف کامیاب کارروائی۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی کیپٹن (ر) دوست محمد بگٹی کی خصوصی ہدایت اور مخبر خاص کی اطلاع پر ایس ڈی پی او گوار گو رخشان جاوید احمد کی زیر نگرانی ایس ایچ او گوار گو ایس آئی عبد الغفار نے اپنے اسٹاف کے ہمراہ بالگتر کپ ایریا میں کارروائی کرتے ہوئے 170 کلوگرام منشیات از قسم

بقیہ نمبر 16 صفحہ 5 پر

افیون برآمد کرلی، ایک اور کارروائی میں ایس ڈی پی او پنجگور امیر جان بلوچ کی زیر نگرانی ایس ایچ او سریکوران ایس آئی تکبیر احمد گرمکانی نے اپنے اسٹاف کے ہمراہ سوردو ایریا میں کامیاب کارروائی کرتے ہوئے 5 کلوگرام منشیات از قسم افیون برآمد کرلی۔ پولیس نے دونوں کارروائیوں کے مقدمات درج کرلئے۔ پولیس کے مطابق اب کسی صورت جرائم پیشہ افراد کو آزاد نہیں رہنے دیا جائے گا، ہر صورت پنجگور میں جرائم پیشہ افراد کے خلاف گھیرا تنگ کیا جائے گا کوئی بھی اب رعایت کا مستحق نہیں۔

CamScanner

# پاک افغان بارڈر کی بندش خام کپڑے کا کاروبار متاثر

**راستوں کی بندش اور سرحدی پابندیوں کے باعث سرحد پار تجارت تقریباً ختم ہو چکی ہے جس کی وجہ سے مقامی تاجر افغان خریداروں کو کپڑا فراہم نہیں کر پا رہے افغانستان پاکستانی گرے کلاتھ کی بڑی منڈی ہے، تاجروں کی ویلتھ پاکستان سے گفتگو**

لاہور (آئی این پی) پاکستان کی گرے کلاتھ مارکیٹ کے تاجر سخت مالی حالات اور افغان خریداروں اور مقامی ٹیکسٹائل ایکسپورٹرز کی جانب سے آرڈرز میں نمایاں کمی کے باعث شدید مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ فیصل آباد کی یارن مارکیٹ میں کام کرنے والے گرے کلاتھ تاجر ریاض شاہد نے ویلتھ پاکستان کو بتایا کہ ماضی میں افغانستان پاکستانی گرے کلاتھ کی ایک بڑی منڈی تھا۔ تاہم راستوں کی بندش اور سرحدی پابندیوں کے باعث سرحد پار تجارت تقریباً ختم ہو چکی ہے جس کی وجہ سے مقامی تاجر افغان خریداروں کو کپڑا فراہم نہیں کر پا رہے۔ انہوں نے کہا کہ کچھ تاجروں نے ابتدا میں پشاور کے راستے سپلائی کی کوشش کی لیکن اب سرحد پر سخت پابندیوں کی وجہ سے یہ بھی ممکن نہیں رہا۔ اس کے نتیجے میں افغان تاجر ضرورت کے باوجود پاکستان سے کم قیمت گرے کلاتھ نہیں خرید پا رہے۔ ریاض شاہد نے خبردار کیا کہ اگر یہ پابندیاں طویل عرصے تک جاری رہیں تو مقامی مارکیٹ شدید بحران کا شکار ہو سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جن لوگوں نے اس کاروبار میں لاکھوں روپے لگائے ہیں، انہیں بے روزگاری کا خطرہ لاحق ہے اور کئی خاندان بنیادی ضروریات پوری کرنے میں مشکلات کا سامنا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ گرے کلاتھ مارکیٹ کو ایک وقت میں ٹیکسٹائل سیکٹر کی ریڑھ کی ہڈی سمجھا جاتا تھا جو مختلف صنعتوں کو یارن اور کپڑا فراہم کرتی تھی۔ تاہم صورتحال تیزی سے بدل رہی ہے اور آرڈرز نہ ہونے کی وجہ سے کئی تاجر یہ کاروبار چھوڑ رہے ہیں۔ ریاض شاہد کے مطابق ٹیکسٹائل ایکسپورٹرز کی جانب سے طلب بھی کافی کم ہو گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایکسپورٹرز عالمی منڈی میں قیمتوں کے غیر مسابقتی ہونے کی وجہ سے ادھار پر کپڑا خریدنے سے گریز کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ درآمد شدہ کپڑا اور یارن ان کے کاروبار کو شدید نقصان پہنچا رہے ہیں۔ اگر پاکستان میں کپڑے کی قیمت 100 روپے فی میٹر ہے تو یہی کپڑا درآمد کے بعد 80 سے 90 روپے فی میٹر میں دستیاب ہے۔ یارن کے معاملے میں بھی صورتحال کچھ ایسی ہی ہے۔ اگرچہ انہوں نے درآمدات پر مکمل پابندی کی مخالفت کی لیکن کہا کہ بغیر کسی کنٹرول کے درآمدات مقامی صنعت کو نقصان پہنچا رہی ہیں۔ ان کے مطابق اگر مارکیٹ کو مکمل طور پر کھلا چھوڑ دیا گیا تو غیر ملکی سپلائرز آسانی سے ہماری معیشت کو متاثر کر سکتے ہیں۔

# تربت لاپتہ افراد کے لواحقین کا دھرنا جاری ضلعی انتظامیہ سے مذاکرات ناکام

**دو خواتین سمیت چار افراد کی گمشدگی کیخلاف کرکی تجابان اور ہیرونک کے مقام پر دھرنے کا دوسرا روز، اسسٹنٹ کمشنر رات گئے تک مذاکرات کرتے رہے**

**تربت کوئٹہ پنجگور آواران کولواہوشاپ کی دوطرفہ ٹریفک معطل ہونے سے مسافروں کو مشکلات کا سامنا، لاپتہ افراد کو منظر عام پر لانے کا مطالبہ**

تربت (بیورو رپورٹ) سی پیک شاہراہ دوسرے روز بھی بلاک، اسسٹنٹ کمشنر تربت کی دھرنا گاہ آمد، رات گئے ہونے والے مذاکرات ناکام، کرکی تجابان کے ایک ہی خاندان کے 2 خواتین سمیت 4 افراد کی جبری گمشدگی کے خلاف سی پیک شاہراہ پر کرکی تجابان اور ہیرونک کے مقام پر احتجاجی دھرنا دوسرے روز بھی جاری ہے جس سے تربت کوئٹہ، پنجگور آواران کولواہوشاپ دو طرفہ ٹریفک معطل ہے جس کی وجہ سے گاڑیوں کی قطاریں لگ گئی ہیں، فیملی کے مطابق ہماری فیملی کے چار افراد کو جبری اٹھا کر لاپتہ کر دیا گیا ہے، جس دو خواتین بھی شامل ہیں ان میں 27 سالہ حانی بنت دل جان، 17 سالہ خیر النساء بنت عبدا

بقیہ نمبر 8 صفحہ 5 پر

لواحد 18 سالہ مجاہد ولد دل جان اور 18 سالہ فرید ولد اعجاز شامل ہیں، مظاہرین کے ساتھ مذاکرات کے لیے اسسٹنٹ کمشنر تربت کی سربراہی میں مذاکراتی ٹیم رات گئے دھرنا گاہ پہنچ گئی تاہم طویل مذاکرات کے باوجود مذاکرات کامیاب نہ ہو سکے جس کے باعث سی پیک شاہراہ پر ٹریفک دوسرے روز بھی معطل رہی۔

## سیٹلائٹ ٹاؤن اور گرد و نواح میں گیس پریشر میں کمی کا سامنا

کوئٹہ (آئی این پی) سیٹلائٹ ٹاؤن و گرد و نواح میں گیس بحران سنگین، شام ڈھلتے ہی سپلائی بند سوئی سدرن کی نااہلی نے عوام کو عذاب میں مبتلا کر دیا، کوئٹہ کے مختلف علاقوں سیٹلائٹ ٹاؤن، عبداللہ ٹاؤن، گول مسجد اور گرد و نواح میں گیس کی شدید قلت نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ گیس پریشر اس قدر کم ہو چکا ہے کہ گھروں میں چھوٹا چولہا بھی جلنا بند ہو گیا ہے، جس کے باعث شہری کھانا پکانے سے قاصر ہیں۔ سردی میں اضافے کے ساتھ ہی گیس کا غائب ہونا معمول بن چکا ہے، تاہم سوئی سدرن گیس کمپنی کی جانب سے صورتحال کی بہتری کیلئے کوئی مؤثر اور سنجیدہ اقدام نظر نہیں آ رہا۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ سوئی سدرن گیس کمپنی نے اپنی پرانی اور عوام دشمن روش برقرار رکھتے ہوئے سرِ شام ہوتے ہی گیس بند کرنا معمول بنا لیا ہے، حالانکہ دو دن قبل مکمل پریشر کے ساتھ گیس فراہم کی جا رہی تھی۔ شہریوں کے مطابق کمپنی مختلف حیلے بہانوں کے ذریعے گیس کی بندش کو جواز بنا رہی ہے جبکہ اصل حقیقت ناقص انتظامات اور بدترین نااہلی ہے۔ متاثرہ شہریوں نے شکوہ کیا ہے کہ ایک طرف گیس دستیاب نہیں تو دوسری جانب بھاری بلوں کی وصولی جاری ہے، جو سراسر ظلم کے مترادف ہے۔ شدید سردی میں گیس کی بندش نے بزرگوں، بچوں اور خواتین کی مشکلات میں خطرناک حد تک اضافہ کر دیا ہے۔ عوامی حلقوں نے سوئی سدرن گیس کمپنی اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ سیٹلائٹ ٹاؤن میں فوری طور پر گیس کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے، بصورت دیگر عوام احتجاج کا حق محفوظ رکھتے ہیں

## چاغی، طویل و غیر اعلانیہ بجلی لوڈشیڈنگ، عوام اور تاجر پریشان

**نظام زندگی درہم برہم ہو گیا، کیسکو حکام نے صورتحال کا نوٹس نہ لیا تو احتجاج پر مجبور ہوں گے، عوامی حلقے**

چاغی (نامہ نگار) چاغی شہر میں بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ سے شہریوں اور تاجر برادری کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ تاجر برادری اور گھریلو صارفین نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ چاغی شہر میں بجلی ٹائم ٹیبل اور ناجائز لوڈشیڈنگ سے کاروبار بری طرح متاثر ہو رہا ہے، صبح کے اوقات گیارہ بجے اور کبھی بارہ بجے مرضی سے بجلی دی جاتی ہے اور کبھی رات 3 بجے تک بجلی دینا سمجھ سے بالاتر ہے، چاغی میں دن کے وقت روزانہ کئی کئی گھنٹے لوڈشیڈنگ نے عوام کی پریشانیوں میں اضافہ کر دیا ہے۔ چاغی میں کیسکو کی ناقص پالیسی کی وجہ سے عوام کو طویل لوڈشیڈنگ کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ بجلی کی عدم دستیابی سے آٹو پارٹس اور ٹیکنیکل شعبے سے وابستہ افراد سخت پریشانی سے دوچار ہیں، تاجر برادری اور صارفین نے کیسکو کے ذمہ دار حکام سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ طویل و غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ بند کیا جائے ورنہ عوام احتجاج پر مجبور ہوں گے۔

INTEKHAB QUETTA

## جان سے مارنے کی دھمکیاں مل رہی ہیں، تحفظ دیا جائے: نصیب اللہ

**دو مغوی بھائیوں کی بازیابی کے بعد کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی، پریس کانفرنس**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ کے رہائشی نصیب اللہ نے کہا ہے کہ کرائم برانچ پولیس کی جانب سے میرے 2 مغوی بھائیوں کو 6 ماہ بعد بازیاب کرانے کے بعد ایک مبینہ ملزم ہمیں سنگین نتائج کی دھمکیاں دے رہا ہے، ہمیں تحفظ دیا جائے۔ یہ بات انہوں نے کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر نجیب اللہ، عدنان سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ سرانان کے علاقے میں میرے بھائیوں نجیب اللہ اور عدنان کو کوئٹہ لے جاتے ہوئے ٹرک سمیت اسلحہ کے زور پر اغواء کیا گیا جس کا مقدمہ درج کرایا تھا اس کے بعد کیس کرائم برانچ منتقل کیا گیا اور کرائم برانچ پولیس نے میرے بھائیوں کو چھ ماہ بعد بازیاب کرایا لیکن تاحال ٹرک برآمد نہیں ہوا، بھائیوں کی بازیابی کے بعد کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی جس کے بعد ایک شخص ہمیں جان سے مارنے کی دھمکیاں دے رہا ہے، جس سے پورے خاندان کو جان کا خطرہ ہے۔ انہوں نے پولیس حکام سے اپیل کی کہ مذکورہ شخص کے خلاف کارروائی کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے تاکہ ہمیں تحفظ مل سکے۔ انہوں نے بھائیوں کی بحفاظت بازیابی پر کرائم برانچ پولیس کا شکریہ ادا کیا۔

# Mitigating challenges

Quetta city is facing a challenge that echoes in cities across the developing world, a surging population straining under the weight of inadequate basic facilities. While the city's growth reflects its potential, the lack of essential services like clean water, proper sanitation, and reliable power threatens the well-being of its residents. This rapid urbanization isn't solely organic. People are heading towards Quetta for opportunities unavailable in rural areas. But this influx outpaces infrastructure development. Existing resources are stretched thin, leading to water shortages, overflowing sewage systems, and power outages that disrupt daily life. The consequences are dire: compromised health, a decline in living standards, and frustration amongst residents. This winter people in Quetta city faced immense difficulties due to gas shortage. Similarly, electricity load-shedding and water scarcity have already complicated the situation of people across the city. Poverty is increasing in rural areas of Balochistan as the agriculture is heading towards degradation because of electricity load-shedding, floods and lack of attention on the part of government. Similarly, the province lacks factories and industry sector. Thus people have no other option but to move Quetta to improve life or at least ensure two time meal for children. The government must ensure to provide basic facilities and livelihood to masses at their doorsteps and improve the life standard of people living in remote areas of the country to mitigate the ratio of urbanization. Therefore, the situation demands a multi-pronged approach. Urban planners must prioritize infrastructure development. Investments in water treatment plants, sewage systems, and a robust power grid are crucial. Long-term solutions might involve exploring alternative water sources and renewable energy options. Equally important is population control. Promoting family planning initiatives and educating communities about responsible parenthood can help stabilize population growth. This, coupled with creating economic opportunities in rural areas, can create a more balanced development model. The onus doesn't fall solely on the government. Public awareness campaigns are vital. Residents need to be educated on responsible waste disposal and water conservation practices. Additionally, fostering a sense of community ownership over civic spaces can encourage residents to participate in maintaining cleanliness and reporting infrastructure issues. Quetta's story is not unique. It's a cautionary tale for other burgeoning cities. By proactively addressing population growth and prioritizing basic needs, Quetta can transform its growing pains into a catalyst for a more sustainable and prosperous future. The well-being of its residents and the city's long-term potential depend on it.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Daakhabar Quetta

Bullet No. 6

Dated: 25 DEC 2025 Page No. 20

# گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل وفاق اور صوبے کے درمیان ایک مضبوط پل

بلوچستان کی سیاسی تاریخ میں بعض شخصیات اپنے منصب سے بڑھ کر کردار ادا کرتے ہیں اور گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل انہی شخصیات میں شامل ہیں انہوں نے نہ صرف گورنر کے آئینی عہدے کو موثر انداز میں نبھایا ہے بلکہ صوبے اور وفاق کے درمیان ایک مضبوط اور قابلِ اعتماد پل کا کردار بھی ادا کیا ہے اور صوبے کے عوام کا یہ پہلی بار محسوس کیا ہے کہ بلوچستان کو ایسا گورنر ملا ہے جو محض ایک علامتی منصب تک محدود نہیں بلکہ صوبے کا ہر مکتب فکر کی حقیقی نمائندگی کر رہا ہے قبائلی عمائدین ہوں یا عام عوام، سول سوسائٹی، سیاسی کارکن، نوجوانوں، پروفیسر، اساتذہ، ڈاکٹرز انجینئرز، تاجر برادری اور کھیلوں سے وابستہ افراد گورنر ہاؤس کے دروازے سب کے لیے کھلے نظر آتے ہیں یہی شمولیتی طرز حکمرانی گورنر شیخ جعفر خان مندوخیل کی قیادت کو ممتاز بناتی ہے سب سے اہم پہلو یہ ہے کہ انہوں نے بلوچستان کے مختلف اور دیرینہ مسائل کو وفاقی ایوانوں میں محض رسمی انداز میں نہیں بلکہ مدبرانہ سنجیدہ اور نتیجہ خیز حکمت عملی کے ساتھ اجاگر کیا ہے صوبے کے تعلیمی نظام، صحت،

**تحریر: تحریر نثار آحمد**

امن و امان، نوجوانوں کے مواقع، اور پسماندگی جیسے بنیادی مسائل پر ان کی آواز نہ صرف سنی جارہی ہے بلکہ اس سے عملی پیش رفت کی امید بھی پیدا ہوئی ہے انہوں نے وفاقی قیادت کو باور کرایا ہے کہ بلوچستان کے مسائل محض صوبائی نہیں بلکہ قومی مسائل ہیں جن کا حل مشترکہ ذمہ داری ہے انہوں نے کہا گورنر شیخ جعفر خان مندوخیل کی سب سے بڑی کامیابی یہ ہے کہ انہوں نے مایوسی کے ماحول میں امید کی ایک نئی روح پھونک دی ہے صوبے کے عوام میں یہ احساس ابھر رہا ہے کہ ان کی بات اعلیٰ سطح تک پہنچ رہی ہے اور ان کے مسائل کو سنجیدگی سے لیا جارہا ہے یہ اعتماد ہی دراصل وفاق اور صوبے کے تعلقات کی مضبوطی کی بنیاد بنتا ہے اور گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل کا کردار محض آئینی ذمہ داری تک محدود نہیں بلکہ وہ ایک ایسے رہنما کے طور پر سامنے آئے ہیں جو بلوچستان کو قومی دھارے میں موثر مقام دلانے کے لیے عملی جدوجہد کر رہے ہیں گورنر بلوچستان نے صوبے کے عوامی معیار اور موثر روابط قائم کرکے قیادت کا ایک نیا اور مثبت انداز متعارف کروایا ہے اگر یہی تسلسل برقرار رہا تو یہ دور بلوچستان کی سیاسی اور انتظامی تاریخ میں مثبت تبدیلی کے حوالے سے یاد رکھا جائے گا یہی وجہ ہے کہ صوبے کے عوام گورنر بلوچستان کو ایک ایسی شخصیت کے طور پر دیکھا جارہا ہے جو عوامی معیار پر پورا اترتے ہوئے صوبے کے ہر ضلع میں رابطوں کی مضبوط زنجیر قائم کرچکے ہیں اور سیاسی استحکام ہم آہنگی اور اعتماد کی بحالی کی جانب ایک اہم قدم ثابت ہے گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل اپنی بردباری، سیاسی، بصیرت اور عوام دوستی کے باعث نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان میں ایک نمایاں مقام رکھتے ہیں انہوں نے پاکستان مسلم لیگ ن کو بلوچستان میں ایک موثر متحرک اور عوام دوست جماعت کی حیثیت سے مضبوطی سے آگے بڑھایا انکی قیادت میں پارٹی نے نہ صرف تنظیمی سطح پر بہتری لائی بلکہ عوامی مسائل پر عملی توجہ دی انکا یہی خلوص سادگی اور خدمت کا جذبہ بلوچستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے صوبے کا عوام انکی کاوشوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں گورنر بلوچستان کے بہترین فیصلوں کی بدولت عوام اور حکمرانوں کے درمیان فاصلوں کو کم کیا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. b

Daily: MASHRIQ QUETTA

Dated: 25 DEC 2025 Page No. 21


## گورنر کا آئینی منصب اور شیخ جعفر خان مندوخیل کا قابل ستائش کردار

تحریر: نثار احمد

بلوچستان کی سیاسی تاریخ میں بعض شخصیات محض منصب کی حدود تک محدود نہیں رہتیں بلکہ اپنے کردار اور طرز قیادت سے ایک نئی مثال قائم کرتی ہیں۔ گورنر شیخ جعفر خان مندوخیل بھی انہی شخصیات میں شامل ہیں انہوں نے نہ صرف گورنر کے آئینی عہدے کو موثر اور باوقار انداز میں نبھایا ہے بلکہ صوبے اور وفاق کے درمیان ایک مضبوط، قابل اعتماد اور فعال پل کا کردار بھی ادا کیا ہے۔ یہ پہلی بار محسوس کیا جا رہا ہے کہ بلوچستان کو ایسا گورنر میسر آیا ہے جو محض علامتی منصب تک محدود نہیں بلکہ صوبے کے ہر مکتب فکر کی حقیقی نمائندگی کر رہا ہے۔ قبائلی عمائدین ہوں یا عام شہری، سول سوسائٹی کے نمائندے ہوں یا سیاسی کارکن، نوجوان، اساتذہ، پروفیسرز، ڈاکٹرز، انجینئرز، تاجر برادری یا کھیلوں سے وابستہ افراد گورنر ہاؤس کے دروازے سب کے لیے کھلے نظر آتے ہیں۔ یہی شمولیتی طرز حکمرانی گورنر شیخ جعفر خان مندوخیل کی قیادت کو ممتاز بناتی ہے۔ ان کا سب سے نمایاں پہلو یہ ہے کہ انہوں نے بلوچستان کے دیرینہ مسائل کو وفاقی ایوانوں میں محض رسمی انداز میں نہیں بلکہ سنجیدہ، مدبرانہ اور نتیجہ خیز حکمت عملی کے ساتھ اجاگر کیا ہے۔ تعلیم، صحت، امن و امان، نوجوانوں کے مواقع اور پسماندگی جیسے بنیادی مسائل پر ان کی آواز نہ صرف سنی جا رہی ہے بلکہ عملی پیش رفت کی امید بھی پیدا ہوئی ہے۔ انہوں نے وفاقی قیادت کو باور کرایا ہے کہ بلوچستان کے مسائل صرف صوبائی نہیں بلکہ قومی نوعیت کے ہیں، جن کا حل مشترکہ ذمہ داری کا تقاضا کرتا ہے۔ شیخ جعفر خان مندوخیل کی بدولت صوبے کے عوام میں یہ احساس مضبوط ہو رہا ہے کہ ان کی آواز اعلیٰ سطح تک پہنچ رہی ہے اور ان کے مسائل کو سنجیدگی سے



لیا جا رہا ہے۔ یہی اعتماد دراصل وفاق اور صوبے کے تعلقات کو مضبوط بنانے کی بنیاد بنتا ہے۔ ان کا کردار محض آئینی ذمہ داری تک محدود نہیں رہا بلکہ وہ ایک ایسے رہنما کے طور پر ابھرے ہیں جو بلوچستان کو قومی دھارے میں موثر مقام دلانے کے لیے عملی جدوجہد کر رہے ہیں۔ عوامی سطح پر رابطوں اور موثر مشاورت کے ذریعے انہوں نے قیادت کا ایک نیا، مثبت اور قابل تقلید انداز متعارف کروایا ہے۔ اگر یہی تسلسل برقرار رہا تو یہ دور بلوچستان کی سیاسی اور انتظامی تاریخ میں مثبت تبدیلی کے حوالے سے یاد رکھا جائے گا۔ گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل اپنی بردباری، سیاسی بصیرت اور عوام دوستی کے باعث نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان میں ایک نمایاں مقام رکھتے ہیں۔ انہوں نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کو بلوچستان میں ایک موثر، متحرک اور عوام دوست جماعت کے طور پر آگے بڑھانے میں اہم کردار ادا کیا۔ ان کی قیادت میں پارٹی نے تنظیمی بہتری کے ساتھ ساتھ عوامی مسائل پر عملی توجہ دی۔ ان کا خلوص، سادگی اور خدمت کا جذبہ بلوچستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے، اور انہی دانشمندانہ فیصلوں کے باعث عوام اور حکمرانوں کے درمیان فاصلے کم ہو رہے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN


نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 25 DEC 2025

Page No. 22




CamScanner